UNIVERSAL LIBRARY

OU_232132

UNIVERSAL LIBRARY

ملاحظت شریف جناب مولوی وحید الدین صاحب سلیم پروفیسر اردو

دردِ باقی و دردِ ساقی

یہ ایک ایسا نادر مجموعہ ہے جس میں ہندوستان کے ولی کامل
صاحبدل فیوض مین نادر فرد حضرت خواجہ میر درد علیہ الرحمہ کے
——— رباعیات ہین ———
انکا منظوم ترجمہ علاوہ مضامین و رباعیات مصنفہ خود موحد کامل عالیجناب
معلی الالقاب راجہ گردہاری پرشاد ملقب بہ راجہ محبوب نواز ونت بہادر المتخلص بہ باقی
مدار سررشتہ دار جمعیت باقاعدہ وبیقاعدہ و مشرف باورچیخانہ وخانسامانی سرکار عالی

———:(فرمایا ہے):———

مرتبہ

راجہ نرسنگھ راج بہادر خلف اکبر راجہ صاحب مرحوم و مغفور

مطبوعہ

سردار پریس حویلی قدیم حیدرآباد

دردِ باقی
و
دردِ ساقی

یہ ایک ایسا نادر مجموعہ ہے جس میں ہندوستان کے ولی کامل
صاحبدل فیوض مین نادر فرد حضرت خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ کے

رباعیات ہین

جنکا منظومہ ترجمہ علاوہ مضامین و رباعیات مصنفہ خود موحد کامل عالیجناب
معلی الالقاب راجہ گردھاری پرشاد بنسی راجہ محبوب نواز ونت بہادر المتخلص باقی
صدر سررشتہ دار جمعیت باقاعدہ و بیقاعدہ و مشرف باورچیخانہ و خانسامانی سرکار عالی

—:(فرمایا ہے):—


مرتبہ


راجہ نرسنگھ راج بہادر خلف اکبر راجہ صاحب مرحوم و مغفور

مطبوعہ
سردار پریس حویلی قدیم حیدرآباد

فہرست مضامین دردِ باقی و دردِ ساقی

نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ
۱	تمہید	۱
۲	سوانحعمری راجہ گردہاری پرشاد محبوب نواز ونت باقی	۱۱
۳	کلام عالیجناب باقی بیکنٹھ باشی نظم و نثر در معرفت	۴۱
۴	رباعیات خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ معہ ترجمہ منظومہ حضرت باقی مرحوم	۶۹
۵	رباعیات مصنفہ راجہ باقی بیکنٹھ باشی۔	۱۲۸





شبیہ راجہ گردھاری پرشاد محبوب نواز ونت بہادر باقیؔ

تمہید

رباعی حضرت میر درد علیہ الرحمۃ

گر دعوئ ہستی ست بہتان ست این | ور شکوہ نیستی ست کفران ست این
اے حضرت انسان تحیر انجام | خود را نشاختی چہ عرفان ست این

موت اور زیست کا سوال نہایت نازک اور اہم ہے۔ اس کے سمجھنے سے اپنی ذات کی خبر ملتی ہے۔ اور اس خوشخبری کے حصول سے خیالات کی حالت بدلجاتی ہے۔ انسان کا دل ایک ایسا پلٹا کھاتا ہے کہ جس کے بعد پہر کوئی سوال حل طلب نہیں رہتا۔ اس مسئلہ کی لاپروائی دنیا و مافیہا سے بیخبر رکھتی ہے۔ اور عذاب و ثواب خوف و خطر ادائی فرائض کی کوتاہی اسکی نافہمی کا موجب ہے۔ البتہ اس کے متعلق وہ دوسری روحانی حالت ضرور قابل تعظیم ہے جو انتہائی معراج کہی جاسکتی ہے اور جو شاذ دلدادگان خدا کو نصیب ہوا کرتی ہے۔ ایک مرتبہ مہاراجہ یدہشٹر سے جن کا نام دہرم راج بہی تہا اور جن کا ذکر خیر مہابھارت میں جا بجا ملتا ہے یہ پوچھا گیا تھا کہ کونسی چیز دنیا میں عجیب و غریب ہے تو اس یکتائے زمانہ مہاراجہ نے یہ جواب دیا کہ انسان موت کے متعدد سانحات دیکھتا ہے اور متاثر ہو کر بہی فراموش ہو جاتا ہے۔

یہی ایک عجیب بات ہے۔ اس سے بڑھکر کوئی اعجوبہ نہین،، مگر ایسے شخص کی جس نے دنیا اور اوس کے میدان کارزار مین قدم رکھا ہے بغیر اس سوال کے سوچے سمجھے آنکھین نہین کھلتین کیا دنیوی امور کی ادائی اور کیا دینی فرائض کی سربراہی بجز اس نازک مسئلہ کی معلومات کے ناممکن ہے انسان چاہے لاکھ ثابت کرنے کی کوشش کرے کہ وہ اسس دریا کا تیراک ہے اور ہزار طرح سے اپنی تحریر و تقریر یا جد و جہد ظاہری سے یہہ بتلائے کہ اُس نے اِس رمز کو پا لیا ہے جو منشاء زندگی ہے۔ ہرگز عرصہ دراز تک اس راز کو پردۂ خفا مین نہین رکھہ سکتا۔ ہر ایسا کام جو دانائی راستی اور راست بازی و فراست سے میرا ہو نمایشی ہوگا ادہورا ہوگا۔ اور نام و شہرت کی خواہش روڑے اٹکائے گی۔ اور آخر کار اس کا یہ انجام ہوگا کہ سعی لاحاصل ثابت ہوگی اور سب تدبیرین بے سود۔ ہم دیکھتے ہین کہ سیکڑون کام آغاز ہوئے اور ہوتے رہتے ہین اور شاندار طریق سے ان کا افتتاح ہوتا رہتا ہے۔ لیکن آج اکثر ان مین سے نابود ہین نام و نشان تک نہین ملتا۔ ان کے وجوہ نیستی کی تحقیقات کیجائے تو صرف اسی ایک نتیجہ پر پہونچ سکتے ہین کہ نامکمل زندگی۔ خواہش نام و شہرت اور عدم موجودگی صداقت نے ایسے کامون کو ملیا میٹ کر دیا اور آج وہ جامۂ نیستی مین روپوش ہین۔ امیر ہو یا غریب دانا ہو یا نادان جب تک اِس بات کو اچھی طرح نہ سمجھہ لے وہ کسی کام کے لائق نہین رہتا نہ اس کا کوئی کام بار آور ہو سکتا ہے۔ صرف سمجھہ لینا یا کسی چیز کا ظاہری علم رکھنا کافی نہین ہے بلکہ عمل کرنا ظاہر و باطن مین صفائی اور یکرنگی پیدا کرنا نہایت لازمی اور ضروری ہے۔ یہ ایک مسلمہ بات ہے کہ پاک اور اعلیٰ زندگی ہی دوسرونکی

فلاح کرسکتی ہے اور ایک مقدس عملی زندگی ہزارون زندگیون کو راہ راست پر لا سکتی ہے۔ ظاہر ہے کہ جو خود نہ سنبھلے دوسرونکو کیا سنبھالیگا۔ جو خود نہ عمل کرے کسی اور سے کیا عمل کی توقع رکھہ سکتا ہی جس دل مین خود درد نہ ہو وہ کسی اور کے درد کو کیا جانے۔

ہر کسے ناصح برائے دیگران		ناصح خود یافتم کم درجہان
درد بسمل کو غیر کیا جانے	غالب	جو کہ گھائل کبھی ہوا ہی نہو

کسی کو یہ کہنے کا ہرگز استحقاق نہین ہے کہ دنیا ایسے شخصیتون سے خالی ہے جو ان معاملات کے رازدان کہے جا سکتے ہین یا جنہون نے اپنے فرایض زندگی کی تکمیل مین کوئی دقیقہ نہین اٹھا رکھا۔ بغیر اعمال نیک اور صفائی قلب بے غرضانہ خلق کی خدمت دشوار ہے اور اس کے لیئے بزرگان دین کی صحبت یا معلم روحانی کی ضرورت ہے۔ قلب کی صفائی اور عملی زندگی کے بغیر دینی اور دنیوی فرائض مین کوئی سرخرو نہو سکا۔ نہ اہل دنیا نے ایسے شخص کی عزت کی۔ جس نے اس جگہہ آنے جانے کے سلسلہ کو غور سے دیکھکر خود کو جانا اور پہچانا وہی کامل ہوا اور اوسی نے دنیا مین ایسے کام کیئے جو آج تک سیکڑون ہزارون برس کے بعد بھی بالکل ایسے ہی تازہ ہین جیسے کہ اوائل مین تھے۔ اب تک ان کا نیک نام نہایت عزت و محبت سے لیا جاتا ہے جنہون نے جیتے جی خلق خدا کی بے مثل خدمت کی۔ اور مرنیکے بعد بھی

نادر تصانیف رہنمائی شائقین وطالبین کے لیئے چھوڑ گئے۔ وہ
بے شک زندہ رہین گے اور ہمیشہ زندہ رہین گے ان کا کلام
ان کی دائمی زندگی ہے اور ایسا بیش قیمتی خزانہ ہے کہ جو باوجود مصارف
کبھی نہین گھٹتا اور نہ اوس مین کوئی کمی ہوتی۔ ان کا بے نظیر کلام
نصائح و پند کی صورت مین اب بھی ہر وقت دستگیری کرتا ہے۔
اور متلاشی دین و دنیا کو رہبری کا کام دیرہا ہے۔ مبارک ہین ایسے
بزرگ جنھون نے احسان عام کیا ہے۔ اور مبارک ہے وہ قوم اور
سرزمین جہان ایسے متبرک اور مبارک شخصین پیدا ہو کر اپنے وجود
مسعود کی غیر موجودگی کے باوجود دیگر ہزارہا مخلوق خدا کے حق مین
کارآمد اور مفید ثابت ہو رہے ہین۔ صفائی باطن کے حاصل کرنے
مین کسی تخصیص کا دخل نہین ہے نہ یہ کسی خاص مذہب و ملت کا
ورثہ ہے۔ قدرت سب کے لیئے یکسان رحیم و کریم ہے۔ اُس کے میزان
عدل مین کبھی کسی کے ساتھہ سختی یا رعایت بیجا نہین ہوتی اور نہ کوئی
متنفس یہ کہنے کا مجاز ہے کہ وہ مالک حقیقی کسی پر زیادہ رحم کرم کرتا ہے
اور کسی پر کم۔ البتہ یہ ضرور ہے کہ جو اس کی بے ریا اور بے غرضانہ
خدمت کرے وہ اس کا پیارا ہے۔ اور جو اوسکی مخلوق اور بندون
سے بے تعصب محبت اور الفت برادرانہ کا برتاؤ کرے وہی اسکا
لاڈلا ہے۔ اس مسئلہ مین زیادہ طوالت دیکر مین اپنی محدود و ناچیز
معلومات سے تضیع اوقات نہین کرنا چاہتا۔ میرا مطلب اُن بندگان
خدا سے ہے جو عامل و کامل تھے اور خدمت خلق کی ادائی کے اہل
اور قابل مانے گئے۔ چنانچہ ان مین سے مین دو کامل شخصیتون کا ذکر

آپ کے روبرو کرنا چاہتا ہون - جن کو یہ سعادت دارین حاصل تھی
میری مراد اس سے حضرت خواجہ میر درد علیہ الرحمتہ سے ہے کہ جنکے
پرمغز تصانیف اور صفائی قلب کا نمونہ اس کتاب مین پیش ہوگا - اور
دوسرے بزرگ میرے محترم وواجب التعظیم والد بزرگوار راجہ
گردھاری پرشاد محبوب نواز ونت باقی جن کے مشاغل زندگی
کا اندازہ اسی کتاب سے ہوسکتا ہے - مین نے اس تمہید مین
جس مسئلہ کے غبوکا ذکر کیا ہے وہ ایسے مقبول اور خدا رسیدہ
بزرگون سے متعلق ہے کہ جن کا کلام اپنے صوفیانہ اور مستانہ
حالات کا اظہار کر رہا ہے اور محبت وخلوص سے پڑھنے والے
کے لئے بے ریا وبے تعصب ذخیرہ معلومات مہیا کر سکتا ہے -
صاحب اول الذکر کا مختصر حال مین ناظرین کتب کی دلچسپی و معلومات
کے لئے کتاب تاریخ شعرا موسومہ آبحیات مصنفہ محمد حسین صاحب
آزاد پروفیسر گورنمنٹ کالج لاہور سے اقتباس کرتا ہوا پیش کرتا ہون
اور راقم کے واجب التعظیم والد بزرگوار کے مختصر مگر ضروری
حالات زندگی بھی اسی کتاب مین مندرج کئے گئے ہین -
حضرت خواجہ میر درد خواجہ محمد ناصر عندلیب کے فرزند تھے -
نالۂ عندلیب ابھی تک مقبول عام واہل دل حضرات کے لئے وحدت
اور تصوف کا جام بنا ہوا ہے -
خواجہ میر درد دہلی مین رہتے تھے اور سلسلہ پیری و مریدی کے
باعث خاص وقعت رکھتے تھے - بڑے صوفی منش متوکل مستغنی
المزاج تھے - چنانچہ آپ نے ایک دفعہ شاہ عالم کو سخت جواب دیا تھا

تعزیت آمیز فقرے سننے کے یہ مناسب معلوم ہوا کہ مین سابقہ خیال کی تکمیل مین وقت کا بیجا مصرف کرون - خدا نے مجھ مین صبر وشکر کی توفیق دی ہے اور مین رنج وراحت سے متاثر ہونا فہم کا قصور سمجھتا ہون - اس لئے مینے اِس تصنیف کی تکمیل مین روزانہ تاختم کار تین چار گھنٹہ وقف کر دئے اور میرا وقت ان کلامون کے دیکھنے اور جمع کرنے مین بہت اچھا گذرا - مجھے ہندی فارسی اور اردو شاعری سے بہت دلچسپی ہے اور مین خصوصاً صوفیانہ کلام کا ہمیشہ شایق رہا ہون - میرا ناقص خیال ہے کہ ایک کامل اور صاحبدل شاعر کی تصنیف چاہے کسی زبان مین ہو نہایت دلکش اور موثر ہوتی ہے اوس کی خوبی نفاست مطالب کا اندازہ اور اوس کی بلند خیالی اور اعلی مضامین کا توازن اور لطف وہی شخص پاسکتا ہے جو اُس زبان کا ماہر ہو - اور اُسکے مذاق فہم کے موافق شاعر کے خیالات کا مقصد واضح ہو سکے - اس کتاب مین سب سے پہلے والد مرحوم کی سوانح عمری اور اسکے بعد وہ تحریر ہدیہ ناظرین ہوگی جو والد مرحوم کی جدت طبع اور زور قلم کا نمونہ ہے - اور جس سے حضرت خواجہ میر درد علیہ الرحمتہ کی تصنیف کا معائنہ اور اُس کے نسبت پُر درد خیالات کا اظہار فرمایا گیا ہے - والد مرحوم اکثر فارسی کلام فرمایا کرتے تھے اور اُس کے فاضل بھی تھے - اُردو بہت کم کہتے تھے اور وہ بھی محض مذاق طبع اور خاص احباب کی خاطر - چنانچہ خواجہ صاحب کی مصنفہ علم الکتاب کو دیکھنے کے بعد آپ نے صوفیانہ کلام ہونے کی وجہ رباعیات مین ترجمہ فرمایا ہے جو بجنسہ پیش کیا جاتا ہے - آمین

ناظرین صرف مضامین اور مطالب کی خوبی پر نظر رکھیں۔ محاورات و بندشش وغیرہ پر نہیں۔ کیونکہ یہ زبان اُن کے لیئے اُس وقت مروجہ نہ تھی۔ آپ نے اس کتاب کی جو تاریخ ختم رباعیات پر فرمائی ہے اُس مین اس طرح ذکر فرماتے ہین۔ ؎

اُنکی جو رباعیات فارس مین تھین — اردو مین کیا گو کہ نہ تھی مشاقی

البتہ اسکے بعد جو فارسی رباعیات خود کی مصنفہ ہین وہ ضرور بنظر تعمق و شوق ملاحظہ فرمائیے جانے مین حضرت خواجہ صاحب کا کلام نہایت واضح اور عام فہم ہے اور اسکے دیکھنے سے اس بات کا پورا علم ہوتا ہے کہ آپ کس پایہ کے صاحب کشف درگ ہے۔ آپ کا کلام باموقع و محل ہوتا ہے اور اپنا اثر کیئے بغیر نہین رہتا۔ اگرچیکہ اندنون فارسی کا رواج بمقابلہ سابق بہت کم ہوگیا ہے تاہم ابھی وہ زمانہ بہت دور ہے۔ جبکہ قدردانان کلام فارسی نرہین یا فارسی کلام نظرون سے غایب ہوجائے۔ مین نے اس وجہ سے اس تصنیف کے طبع کرانے کی خاص جرات کی ہے

اعلیحضرت حضور پرنور بندگانعالی متعالی مدظلہم العالی

کہ ہمارے بادشاہ ذیجاہ ہین

ہز اکزالٹڈ ہز ہائینس نواب میر عثمان علیخان بہادر خسرو دکن دام اللہ دولتہ وحشمتہ

عثمانیہ یونیورسٹی کے قیام اور سرپرستی سے علوم مشرقیہ کے جسم مین تازہ جان ڈالدی ہے اور خود قادر و حامی کلام فارسی مین اور والی ملک معانی۔ نیز امرائے ملک مین فاضل اجل عالیجناب راجایان راجہ مہاراجہ سرکشن پرشاد یمین السلطنتہ بہادر سابق مدارالمہام پیشکار سرکار عالی جیسے خوش قسمتی سے قدردانان اور واقفان حضرت باقی مرحوم مین

موجود ہین جن سے فارسی۔ اردو اور ہندی شاعری کو بجا ناز ہے۔
علاوہ ازین بعض ایسے معزز اور قدیم غنایت فرما اصحاب موجود ہین جو شایق کلام فارسی ہین اور جن کو اب تک اس ناچیز کے والد متوفی کے کلام اور ان کی خوبیون کی یاد تازہ ہے۔
مجھے کتب مصنفہ خواجہ میر درد و حالات وغیرہ کی فراہم کرنے اور اس کتاب کے متعلق قیمتی مشورہ دینے مین میرے والد کے قابل دوست عالم باعمل عالیجناب مولانا مولوی عبدالجبار خان صاحب آصفی سینر منتظم محکمۂ صدرالمہامی صرف خاص مبارک نے بیحد امداد فرمائی و نیز جناب ہنمنت راؤ صاحب مہتمم رامانک راؤ صاحب جاگیردار نے نہ صرف وقتاً فوقتاً زحمت دہی کو قبول فرمایا بلکہ اس کے متعلق پرتجربہ مشورہ دیکر علم دوستی کا ثبوت دیا۔ مین اصحاب موصوف الصدر کا تہ دل سے مشکور ہون۔
میری یہ استدعا بیجا نہ ہوگی کہ عجلت مین کوئی سہو کتابت یا سہو نظری ہوگئی ہو تو براہ کرم اصلاح فرما کر مجھے مشکور فرمایا جائے۔
مین اپنے اس تمہیدی مضمون کو ختم کرتا ہوا متمنّی ہون کہ معزز ناظرین کی تفریح طبع اور علمی شوق پورا کرنے کے لیئے یہ کتاب مفید ثابت ہو اور میری یہ ناچیز خدمت کسی حد تک مقبول ہو کر رہے۔ فقط

خادم ملک

نرسنگہ راج

مختصر سوانح عمری عالیجناب راجہ محبوب نواز ونت مرحوم باقی

حالات ابتدائی و خاندانی

ہے میکدۂ دہر مین نام باقی	ساقی نہ سہی مگر ہے جام باقی
عالی نہ مٹے گا کبھی نام باقی	زندہ جاوید ہے کلام باقی

راجہ گردہاری پرشاد بنسی راجہ محبوب نواز ونت المتخلص بہ باقی بتاریخ غرۂ رجب ۱۲۴۴ھ ہجری بمقام حیدرآباد دکن تولد ہوئے۔ آپ رائے نرہری پرشاد صاحب کے فرزند اکبر تہے۔ آپ نے حالات خاندانی اور خدمات کا مختصر تذکرہ اسی کتاب مین فرمایا ہے۔ علاوہ ازین حیات باقی منظوم مصنفہ رائے دوارکا پرشاد صاحب افق مین آپ ہی کے حالات کا تذکرہ ہے۔ اس لیئے یہان تحریر کرنا غیر ضروری سمجہا گیا۔ آپ کے جد اعلیٰ رائے دولت رائے بیکنٹھ باشی حضرت نواب آصفجاہ نظام الملک کے ہمراہ اورنگ آباد آئے اور تا قیام شاہی وہین رہکر پہر حیدرآباد تشریف لائے۔ آپ کے جد رائے راجارام صاحب متوفی ۱۱۹۸ھ مین محلہ حسینی علم مین مکان خرید کر کے تعمیر عمارت ذاتی کی بنا ڈالی تہی۔ آپ کے خاندان مین سب صاحب خطابات اور مناصب تہے۔ اور علم شاعری اور تصوف کا مذاق ورانتاً چلا آرہا تہا۔ آپ کے والد رائے نرہری پرشاد صاحب علم سنسکرت مین اتنا کافی اور معقول دخل رکہتے تہے کہ بسہولت و آسانی گفتگو فرما سکتے تہے۔ عالم ہی نہ تہے بلکہ عامل بہی تہے۔ آپ کے والد رائے نرہری پرشاد جیو نے معروف و مستند کتاب سنسکرت جوگ واشسٹ

(جو معرفت مین بینظیر کتاب ہے) نظم ہندی مین ترجمہ فرمایا تھا۔ اور پنڈتان بنارس سے تحقیق اور تصدیق کے بعد بصرفہ آٹھہ دس ہزار روپیہ یہ کتاب عام مین مفت تقسیم کرائی گئی تھی بلکہ راۓ نرہری پرشاد مرحوم کے تصانیف سے نرہری مال مجموعہ بھجن ہاۓ متعدد و نرہری گیان اُپدیش وغیرہ ہین صاحب ممدوح نے انتقال کے پندرہ سال قبل گوشہ نشینی اختیار کر لی تھی۔ اور عمل شغل روحانی مین بالکل مصروف رہتے تھے۔ اور اپنے فرزند اکبر راجہ گردھاری پرشاد کو جملہ کاروبار سرکاری اور خانگی تفویض فرماکر بے فکری حاصل کی اور بقیہ عمر یاد الٰہی مین گزاری آپ کا انتقال بتاریخ ۴ صفر ۱۲۹۷ھ ہوا۔

حالات تعلیم خانہ آبادی وغیرہ

راجہ گردھاری پرشاد صاحب مرحوم کے چودہ بھائی بہن تھے۔ آپ کی ایک رباعی مصنفہ مندرجۂ ذیل اس کی وضاحت کرتی ہے۔

رباعی

از جمع برادران بجز من باقی
مشمر کہ یکم ز چاردہ تن باقی
نقد این عمر شد ہمہ خرچ عبث
باقی باقیست ہمچو روشن باقی

آپ نے حضرت محمد علی صاحب عاشق سے فارسی تعلیم پائی تھی جو فی الحقیقت سچے عاشق خدا تھے۔ آپکو شاعری فارسی مین بھی حضرت

عاشق صاحب قبلہ اور اُردو مین حضرت فیض صاحب قبلہ سے تلمذ تھا
آپ عرس اوّل الذکر استاد کا بڑی شان اور عقیدت سے فرمایا
کرتے تھے جو ابھی تک ہوتا ہے۔ آپ کی ایک رباعی مین آپنے
اُستاد کی شان مین اس طرح تحریر فرمایا ہے۔

رباعی

عاشق اُستاد کامل باقی شد
زان مایۂ عشق حاصل باقی شد
از مشغلہ ذکر و ز تربیت فکر
آئینۂ معرفت دل باقی شد

آپ ذہین تھے کم عمری ہی مین فارغ التحصیل ہو چکے تھے البتہ یہ ظاہر
ہوتا ہے کہ مطالعہ اور عالمون کی صحبت کے باعث ابتدا سے شعر و سخن کا
بہت شوق تھا۔ اور تصنیف و تالیف مین کم عمری ہی سے منہمک
رہے تھے۔ آپ کی تعلیمی زندگی کے حالات کافی بہدست نہو سکے
اس لیئے زیادہ صراحت نہ کی گئی۔

آپ کی شادی اول بعمر چودہ سال ۱۲۵۸ھ مین ہوئی۔ اکثر
آپ کی اولاد نرینہ زندہ نہ رہتی تھی۔ چنانچہ منجملہ (۶) چہ لڑکے اور
لڑکیون کے جو محل اوّل سے تھے صرف رائے کیشو پرشاد صاحب مددگار
صدر محاسبی سرکار عالی اور ایک دختر جو رائے رام پرشاد صاحب کو
منسوب تھیں، یادگارون سے رہے تھے۔ آپ کنے پہلے محل کا انتقال
۱۲۹۱ھ ہجری مین ہوا تھا۔ اور آپ کی دوسری شادی عالیجناب
راجایان راجہ مہاراجہ نرنیدر پیشکار بہادر کے بے حد اصرار و خاص توجہ

عنایات کے باعث رائے بنسی دہر صاحب فرزند رائے عالم چند بیکنٹھ باشی معتمد پیشکاری کے صاحبزادی خورد سے قرار پائی جو راقم کی والدہ ماجدہ ہین۔ مہاراجہ ممدوح بیکنٹھ باشی نے رسم منگنی باغ کیشوگری مین بہ نفس نفیس تشریف فرما ہوکر انجام دلوائی۔ آپ کو موجودگی اولاد کی وجہ شادی کرنے سے قطعی انکار تھا۔ مگر اس اصرار و تقرر نے مجبور کردیا۔ اس کے بعد ہی آپ نے بوجہ مختاری کاروبار خانہ داری رقمی اخراجات کی ادائی وعدم گنجایش کا عذر فرمایا مگر عالیجناب نواب تراب علیخان سر سالار جنگ مختار الملک بہادر اولے نے حکماً شادی کی تاکید فرمائی اور بقایا تنخواہ تعدادی (دوازدہ ہزار) بارہ ہزار دے کر انتظام شادی مین صرف کرنے کا خاص حکم صادر فرمایا۔ اب تو آپ اسی سال حسب منشار والد خود شادی کرنے پر مجبور ہوئے۔ اس شادی مین عالیجناب نواب مدارالمہام و مہاراجہ پیشکار بہادر سرکار عالی نے شرکت فرما کر رونق دوبالا کی تھی۔ اس کے بعد آپ کو پانچ لڑکے اور پانچ لڑکیان تولد ہوئین۔ جن مین سے یہ راقم اور عزیز محبوب راج صاحب موجود ہین۔ اور اناث سے تین دختر ہین۔ آپ کے جوان نیک بخت اور صاحب اقبال صاحبزادہ رائے کیشو پرشاد صاحب عین عنفوان شباب مین بتاریخ ۵ محرم ۱۳۰۵ ہجری بروز لنگر مبارک ہاتھی سے گر کر انتقال کرگئے۔ اور شدید دماغی ضرب کے باعث جانبر نہو سکے۔ آپ کو ہمیشہ اولاد کا غم رہا۔ اور اکثر حادثات کے موقع پر آپ کو مایوسانہ یقین ہوتا تھا۔ کہ آپ لاولد رہین گے۔ کیونکہ بعض موقعون پر اولاد ذکور سے

کوئی زندہ باقی نہ رہتا تھا۔

حالات ملازمت و ترقی مدارج

آپکے تعلیم پانے کے بعد ایک اہم کام آپ کے ہاتھون انجام پایا
جو آپ کی بیدار مغزی اور شہرت کا باعث ہوا۔ کام یہ تہا کہ عالیجناب
نواب رونق علیخان شاہ یار الدولہ شاہ یار الملک بہادر کی فوج
نے حضرت نواب غفران منزل علیہ الرحمۃ کے حکم کے باوجود بہی اپنے
رجوعات نہ کی تہی۔ سوار اور پیادگان دکہنی بالکل آمادہ خدمتگزاری
نواب صاحب موصوف نہ تہے اور اس وجہ سے راجہ شنہو پرشاد کے
ذریعہ تقسیم تنخواہ کا حکم شاہی صادر ہوچکا تھا۔ راجہ گردھاری پرشاد ہی
کے خاص کوششون اور ایصال تنخواہ بقایا کی ذمہ داری کے
سبب فوج نے سر اطاعت خم کی۔ اور یہ اہم کام بآسانی طے ہوگیا
اس کے صلہ مین نواب صاحب معز بذات خود راجہ
نرہری پرشاد صاحب کے گہر تشریف لاکر راجہ گردھاری پرشاد کو
اپنے یہان کی سررشتہ داری فوج پہ دو یا پانصد روپیہ ماہانہ ۱۲۶۷ھ مین
اصرارًا مقرر فرمایا۔ یہان بہت عزت و نیکنامی سے آپنے خدمت
انجام دی۔ اور حسن اتفاق سے محفل شعر و سخن اور ستار وغیرہ گرم رہتی تہی
کیونکہ نواب صاحب ممدوح خود ان مشاغل کے شایق تہے۔ اسکے
کچہ عرصہ بعد ہی آپ کا تعلق خدمات سرکاری سے ہوا۔ آپ کو خدمات
سرکاری آبائی اپنے والد کے حسب منشا اور بباعث ضعیفی والد

انجام دینی پڑین - آپ کی جدت اور موزونیت طبع پر نواب مختار الملک بہادر دولے کی بالغانہ اور دوراندیشانہ نظر پڑی اور آپ کا انتخاب کرکے آپ کے ذمہ فوج باقاعدہ کی ترتیب کا اہم کام سپرد فرمایا - آپ نے نہایت استقلال جانفشانی اور عرق ریزی سے اس نظم ونسق مین ذمہ دارانہ حصہ لیا - اورا فواج باقاعدہ کی استاد ۱۲۷۹ھ مین آپ ہی کے ہاتھوں ہوئی جس کے اخراجات (عسلیم) بیس لاکھ روپیے سالانہ مقرر تھے - اس کی تفصیلی حالت اور تاریخ بہی ایک تفصیلی نظم مین تحریر فرمائی ہے جو مندرجۂ کنوز التواریخ ہے -

سال استادش بگو فوج دعایا قاعدہ

۱۲۷۹ھ

اس عظیم الشان کام کی انجام دہی کے صلہ مین صدر سررشتہ داری فوج باقاعدہ کے عہدۂ جلیلہ سے معہ ماہوار تحریر سررشتہ داری سرفرازی فرمائی گئی - اس کے بعد بعض جمعداران عرب کے مظالم وسختیان باعث تخلل انتظام ریاست ہونے لگین - اس کے انسداد کی غرض سے نواب مختار الملک بہادر دولے نے ایک باقاعدہ جمعیت عرب قایم فرمانا چاہی - اس اہم کام کے انصرام کے لیئے بہی آپ ہی کا انتخاب فرمایا گیا اور آپ کو ہر طرح موزون سمجہا گیا - اس کام مین آپ کو بہت زحمتین اُٹہانی پڑین - اور سخت مقابلے کرنے پڑے - بعض اوقات مخالفین کی جانب سے آپ کی جان کو خطرہ پہونچانے کا اہتمام کیا گیا تھا - اور حملے کیئے گئے تہے - آپ نے استقلال اور ہمت کو ہاتہ سے

جانے نہ دیا اور مفوضہ کام انجام دے کر ہی رہے ہے۔ چنانچہ آپ کی کوششون سے ۱۲۸۸ھ مین جمعیت نظام محبوب کا قیام ہوا۔ اور ان نمایان کامون کی وقعت وقدر فرماکر اس کی سررشتہ داری بھی سرفراز ہوئی۔ آپ نے اس فوج کی تفصیلی کیفیت کنوز التواریخ مین درج فرمائی ہے۔ جس سے استاد کی دو تاریخین آخذ کرکے بدیہ ناظرین کیجاتی ہین۔ ع فوج سلطان نظام محبوب۔ (۲) عدیم البدل داب فوج نظامی

۱۲۸۸ ہجری ۱۲۸۸ ہجری

ان کے علاوہ کارخانہ بنادیق موسومہ صنائع دکن کارخانہ باروت سازی کارخانہ چرمی اور کاغذسازی وغیرہ کا قیام آپ کے خاص جدت پسند طبیعت کا نتیجہ تھا۔ اول الذکر کارخانہ سے بنادیق و نیز جملہ سامان اسلحہ بطریق احسن تیار ہوکر پسند عام ہوا۔ افواج و پولیس اضلاع وغیرہ مین ان کی بیس ہزار تک سربراہی ہوا کرتی تھی۔ بجز کارخانہ کوٹھہ بارود جہان ابھی تک بارود تیار ہوتی ہے دیگر کارخانہ جات باقی نہین ہین۔ مرحوم کی زندگی ہی مین بعض بوجہ عدم ضرورت توڑ دئے گئے۔ اور چند بعد مین۔ گنجہ جات داماگنڈم ومرمیال آپ ہی کے زیرنگرانی وانتظام تھے۔ آپ نے ان کو رسالہ جات سرکاری کے لیئے محفوظ فرمایا تھا۔ اس طرح سرکاری ہزارون لاکھون روپیے کی بچت ہوئی۔ آپ کو بلحاظ خدمت آبائی جملہ تقاریب سرکاری سے تعلق تھا۔ چنانچہ ہر تقریب کے انصرام مین آپ ہمہ تن مصروف رہتے تھے اور حسب منشاء خداوند نعمت انجام دیا کرتے تھے۔ آپ اکثر کارہائے سرکاری کے باعث عدیم الفرصت رہتے تھے۔ آپ حسب الحکم نواب سالارجنگ بہادر اولے

اتالیق اور مقرب شاہی ہوئے تھے۔ اور سابق کے بعض نازک اور اہم عمل عملیات حضرت غفران مکان علیہ الرحمتہ کے ملاحظہ مین بغرض وقفیت پیش فرماتے تھے۔ علاوہ تقاریب سالانہ کے جو تقاریب آپ نے انجام دین تھین اون مین تسمیہ خوانی مبارک اور رسم علی بند حضرت مرحوم تھین جو ۱۲۸۷ سنہ ہجری و ۱۳۰۱ سنہ ہجری مین انصرام پائین۔ یہ نہایت شاندار اور اولوالعزم تقاریب تھین جنمین تمام ملازمین ور عایائے ملک کو شرکت فیضرسی اظہار مسرت اور شادمانی کا موقعہ ملا۔ آپ کے زمانہ کارگذاری مین شادی نواب سر آسمانجاہ مرحوم و شادی نواب سروقارالامرا مغفور و شادی نواب آصف یاورالملک مرحوم و عالیجناب نواب خورشید الملک بہادر ۱۲۸۴ھ ۱۲۸۹ھ ۱۲۹۶ سنہ ہجری ۱۳۰۱ سنہ ہجری

انصرام پائی۔ جن کی تاریخین درج کردی گئی ہین - آپ کو بلحاظ تعلق باورچیخانہ مبارک و سربراہی ہمراہیان واسٹاف سرکاری ہر سفر مین ہمراہی کا شرف حاصل رہا ہے۔ سفر دہلی و کلکتہ و گلبرگہ شریف اورنگ آباد و رائچور وغیرہ مین آپ ہی کا انتظام تھا۔ ۹۳ھ ۱۳ ۱۳۰۱ھ ۱۳۰۰ھ ۱۳۰۰ سنہ ہجری۔

اور بلحاظ پروگرام ایسا انتظام ہوتا تھا کہ اوقات معینہ مقررہ پر بلا تسکات پوری سربراہی ہوتی تھی۔ آپ کے کام ہمیشہ مقبول شاہی رہے ہین اور عام نظرون مین پسندیدہ۔ سرکار مرحوم و مغفور نے براحم خسروانہ آپ کو سفر ورنگل ۱۳۱۰ سنہ ہجری مین ہمراہ سواری مبارک چلنے کا حکم صادر فرمایا اور اسپشل خاص مین ایک ڈبہ دے کر عزت افزائی

فرمائی۔ آپ پر سرکاری اعتماد کلی تھا۔ چنانچہ اکثر موقع پر بحکم شاہی قرارداد و رسوم کا تصفیہ حضرتہ بیگم صاحبہ قبلہ مرحوم سے آپ حاضر ہوکر فرمایا کرتے تھے۔ آپ کو عالیجناب نواب مختار الملک بہادر اولے نے اپنے اور عالیجناب نواب شمس الامرا امیر کبیر کے درمیان معاملات ریاست میں حسب تحریک نواب شمس الامرا بہادر سفیر مقرر فرمایا تھا۔ آپ نے ہرچند اس نازک کام کی ذمہ داری لینی نہ چاہی۔ مگر نواب صاحب ممدوح نے آپ ہی کو اہل و موزون سمجھکر یہ کام تفویض فرمایا۔ چنانچہ جمادی الاول سنہ ۱۲۹۷ ہجری سے آپ نے اس کام کو آئین بہین دو سال تک انجام دیا۔ اور ایسا۔ البطہ اتحاد ہر دو امرائے سلطنت مین قایم رہا کہ کبھی کوئی سوئے مزاجی کا موقع نہ آیا۔ آپ بزمانہ نواب مختار الملک اولے روزآنہ باریابی کا شرف حاصل کرتے تھے اور اکثر مہام سلطنت کا بالمشافہ ارشاد پر تصفیہ و عمل ہوتا تھا۔ آپ حضرت غفرانمکان علیہ الرحمتہ کی خدمت مین ہر ضروری اور مفید ملک معاملہ پیش فرماتے تھے۔ ایک مرتبہ بموقعہ جلوس تقریب سرکاری کسی شریر النفس شخص نے آپ پر پتھر پھینک کر سر مین ضرب پہونچائی۔ اور بہت خون نکلا۔ مراحم شاہانہ و عنایات خسروانہ کا ثبوت اس سے ملتا ہے کہ بفور اطلاع بصدور عنایت نامہ مصدرہ ۹ ذیحجہ سنہ ۱۳۰۰ھ مزاج پرسی فرماکر اعزاز بخشا گیا۔ دوسرے عنایت نامے مین یاد فرمائی ہوئی تھی ہر دو کے نقل سے ہویدا ہوگا۔

نقل فرمان مبارک مرقومہ ۹ ذیحجہ سنہ ۱۳۰۰ھ

گردھاری پرشاد۔

میں نے سنا کہ تمہارے کو کسی نے پتھر مارا اور تمہارے سر میں چوٹ آئی۔ اب تمہارا درد سر کیسا ہے۔

شرحِ دستخط مبارک

اعلیحضرت غفرانمکان

نقل۔ فرمان مبار[illegible] بیع المرجب ۱۳۰۲ھ ہجری۔

گردہاری پرشاد

تمہارے سے کچھ کام ہے۔ بمجرد دیکھنے اس خط کے دیوڑھی پر حاضر رہو۔

شرحِ دستخط مبارک

اعلیحضرت غفرانمکان

ایک دفعہ بوقت ادخال رقم خاصہ بتقریب شادی نبی خود براحم خسروانہ پذیرائی فرمائی گئی اور تاریخ ۴ شوال ۱۳۰۱ھ ہجری امرا اور مصاحبین کی یاد فرمائی سے مفتخر و معزز فرمایا گیا۔ حکم اجرا شدہ حسب ذیل تھا۔ "حکم حضور است کہ بتاریخ چہارم شوال روز شنبہ حاضر شدہ در ضیافت گزرانیدہ گردہاری پرشاد شریک شوند۔"

وقتاً فوقتاً متعدد فرامین بضمن کار سرکاری و غیر سرکاری صادر ہوتے رہے ہیں۔ جس سے ناچیز مفوضہ خدمات کی پسندیدگی اور قبولیت ظاہر ہو سکتی ہے۔ آپ کی سرکاری کاروباری زندگی کی ابتدا عالیجناب نواب سالار جنگ مختار الملک اول نے بہت افزائی خانزاد قدر فرمائی اور وہی اس خاندان کے باعث ترقی تھے۔ آپکی زندگی کا

انتہائے عروج اور آخری زمانہ حضرت غفران مکان علیہ الرحمۃ کی قدما پروری و ذرہ نوازی کے طفیل مین بعزت و آبرو گذرا - آپ ہمیشہ کارسرکاری مین خیرخواہانہ اور بیباکانہ معروضہ پیش فرمانے کی جرات رکہتے تہے - آپ کو سرکاری خیرخواہی کے مقابلہ مین اپنے معتوب ہونے کا کبھی خوف نہین رہتا تہا - آپ کے تفویض خاص سرکار کے درازی عمر وغیرہ کے لیئے برہمنون کا تقرر اور رقوم و خیرات وغیرہ کا کام تہا جس کا باطلاع و منظوری آپ انصرام فرماتے تہے - دربارہائے انگریزی - صاحب عالیشان بہادر نواب ن والشرائے بہادر اور دیگر گورنران وغیرہ مین آپ سربراہی پان اور عطردان کی خدمت انجام دیا کرتے تہے جو بطفیل تفضلات شاہی اب تک جاری و برقرار ہے - مقربان شاہی مین آپ کی جرات کسی سے کسی حالت مین کم نہ تہی - آپ کو اکثر مدارالمہامان وقت امرایان و معززین سلطنت کے اکثر ارشادات خانگی پر بالمشافہ پیشی حضور پرنور مین معروضہ کرنا پڑتا اور عموماً امور متذکرہ مین آپ کے معروضون کو شرف قبولیت عطا ہوتا تہا - شادی کے بعد تمامی امرایان اور معززین سلطنت کو سرپیچ کی سرفرازی بموقعہ دربار معلائی آپ ہی کے ذریعہ ہوتی تہی - آپ نے کبھی کسی کی حق تلفی یا شکوہ و شکایت مین حصہ نہین لیا بلکہ متعدد موقعون پر راستبازی اور صاف گوئی سے سفارشین فرمائین - اکثر غربا اور بیکسون کے معاملات اور حالات گوشگذار سمع ہمایون فرماتے رہے جن سے اکثر کام بآسانی طے ہوتے تہے - آپکی نشست کا مکان خلوت مبارک مین تہا -

اور بزمانہ تقاریب اور یاد فرمائی رات دن وہین قیام رکھنا پڑہتا تھا - اکثر بمقام سرورنگر و کوہ مولا بزمانہ نہضت افروزی سرکار آپ کی یاد فرمائی ہوتی تھی - اور آپ کی وہان حاضری رہتی تھی اپنی سہولت کی خاطر آپ نے ان مقامات پر مکانات بنواے اور خرید فرماے تھے - آپ کو ۱۳۰۱ھ ہجری مین بوقت دربار حکمرانی راجہ بہادری کا خطاب معہ لوازمہ سرفراز ہوا - ۲۹ رجمادی الاول ۱۳۰۱ھ ہجری کو بربنا، تحریک نواب عماد السلطنت مدار المہام وقت پیشی سرکار سے نوبت روشن چوکی اور عماری کی سرفرازی ہوئی - ۷ رجمادی الاول ۱۳۱۲ھ بتقریب دربار جشن سالگرہ مبارک محبوب نواز وقت کے بخشی بہا خطاب سے آپ نے عز و وقار پایا -

تذکرہ تصانیف و مشاغل علمی

آپ باوجود عدیم الفرصتی معروفیت کاروبار سرکاری اور سفرہاے متعدد تصنیف و تالیف کے کام مین معروف رہا کرتے تھے - اکثر اساتذہ و علماء وقت آپ کے کلام کو بہت پسند فرماتے تھے - راے بچولال صاحب تمکین اور مولانا مولوی آغا سید علی شوستری طوبی سنا د الملک و مولانا حضرت عباس رفعت بہوپالی مرحوم و مغفور نے آپ کے کلام پہ تقریظین تحریر فرمائی تہین - رباعیات بابرکات بیرایہ عروض وغیرہ مین موجود ہے - خود حضرت اقدس جہان پناہی و عالیجناب نواب مختار الملک اولے و نواب عماد السلطنۃ بہادر و عالیجناب راجایان راجہ

مہاراجہ نرندر بہادر و عالیجناب مہاراجہ سرکشن پرشاد بہادر یمین السلطنت
پیشکار و سابق مدارالمہام سرکار عالی و دیگر عمائدین اور امرائے
سلطنت آپ کے کلام کو نظر پسندیدگی و وقعت سے ملاحظہ فرماتے تھے۔
آپ کا کلام تصوف معرفت سے پر ہوتا تھا۔ مضامین اونچے اور
نازک ہونے کے علاوہ رنگین و نفیس اور دلکش ہونے کے باعث
بعض تصانیف ایران تک گئے ہین اور اکثر ممالک ہندوستان مین تقسیم
ہوئے ہین۔ آپ کے جملہ تصانیف (۳۰) تیس ہین۔ جن مین سے
فارسی نظم کے (۲۰) ہین اور فارسی نثر مین (۳) تین ہین اُردو کلام مختصر ہے
اور ان مین بھی نظم و نثر کے تین (۳) تصانیف ہین۔ ہندی زبان
بھاکھا مین (۴) تصانیف ہین۔ آپ کے تصانیف کا اسمواری تذکرہ
حسب ذیل ہے۔ کتب مصنفہ فارسی نظم یہ ہین (۱) پیرایہ عروض
(۲) یادگار باقی یعنی دیوان غزلیات فارسی (۳) قصائد باقی (۴)
بہار عام (۵) مثنوی صنائع بدائع (۶) پرنس نامہ (۷) تہنیات باقی
(۸) ضرب الامثال (۹) مکتوبات منظومہ (۱۰) زمزمۂ باقی
(۱۱) بھاگوت شریف (۱۲) رامائن مسیحا مولفہ حضرت باقی (۱۳)
رباعیات با برکات (۱۴) رباعیات مناجات باران رحمت۔
(۱۵) باقی نامہ (۱۶) باغ رزاق (۱۷) مثنوی شمع منور (۱۸)
نشات باقی (۱۹) کنوزالتواریخ (۲۰) کلام متفرقات۔ کتب فارسی
(۲۱) افضل التصحیح لغت (۲۲) توشۂ عاقبت یعنی سفرنامہ طبع شدہ
(۲۳) مہابھارت نامکمل غیر طبع شدہ۔ تصانیف اردو نظم نثر (۲۴)
بقائے باقی دیوان اردو (۲۵) تحقیقات سیاق باقی (۲۶) یتی چرتر

سوانح عمری سوامی بہاسکرانند سرسوتی - تصانیف بہا کہا (۲۷) تیرتہہ مال مجموعہ بھجن ہائے بہاکہا - (۲۸) شنبھو پران - (۲۹) کیشو پران (۳۰) بہاگوت سار - تصانیف نمبر ۲۲ و ۲۳ طبع نہو سکین - اس کی وجہ یہ ہوئی کہ سفرنامہ انتقال تک مراحتاً تکمیل پاتا رہا - یہ ضخیم کتاب ہے نمبر (۲۳) بہی مکمل نہو سکی منجملہ اٹھارہ پرب مہابہارت کے صرف دو پرب ختم ہونے پائے تہے کہ آپکا انتقال ہوگیا - آپ کا متفرق کلام فارسی اردو اور بہاکہا مین بہت ہے جو قصائد - غزلیات اور عرائض منظومہ کی شکل مین منضبط ہے اور زیر ترتیب ہے - آپ فی البدیہ فرمانے کے بہت عادی تہے عموماً بوقت حضوری وحاضر باشی بموقعہ دربار یا پیشی سرکار کوئی مصرع زبان مبارک سے فرمایا جاتا - اور آپ اُسی وقت مصرع ثانی عرض کردیا کرتے - چنانچہ ایک موقعہ پر حضرت غفران مکان علیہ الرحمتہ نے پیشی مین حاضر ہوتے ہی یہ مصرع آپ سے ارشاد فرمایا کہ اس پر مصرع اولے کہو - میر محبوب علیخان کونہین جانتے کیا - مرحوم نے فی البدیہ یہہ مصرع موزون کرکے عرض کیا ع

پوچہتے کیا ہو کہ آصف ہی تخلص کسکا	میر محبوب علیخان کو نہین جانتے کیا

حضرت جہان پناہی نے سن کر بے حد اظہار مسرت وخوشنودی فرمایا اور اس مصرع کو اپنی غزل مین شریک کرنیکا اعزاز بخشا - سفر اورنگ آباد مین آپنے مختلف موقعون پر حسب حال جو اشعار

فی البدیہ فرمائے تھے اور جس سے حضرت پیر و مرشد اور نواب سالار جنگ بہادر محظوظ ہوئے تھے وہ درج کیے جاتے ہیں ۔

اشعار فی البدیہ متعلقہ سفر اورنگ آباد

نظم کا کھیت ہمنے دیکھا آج	اور کیا ہو ترقی ما نی
زشاخ تاک چو انگور شہ بدست کشید	فتاد خوشہ پروین بہ پنجۂ خورشید
دعوت شاہ بہ مختار مبارک باشد	میز در خانۂ سالار مبارک باشد

اکثر رسومات اور تقاریب کے موقع پر اور کسوف خوف وغیرہ کے اوقات مین حصول منظوری و احکام کے لیئے منظومہ عرائض پیش فرمایا کرتے تھے ۔ آپ کی خط و کتابت شاعری مین اکثر ہند کے اہل علم و فضل سے رہا کرتی تہی ۔ چنانچہ مولوی سید صدیق حسین خان صاحب نواب ملک بھوپال ۔ مولانا مولوی حضرت عباس صاحب رفعت و راجہ درگا پرشاد صاحب مہر ۔ راجہ صاحب سندیلہ رائے جوگل کشور صاحب سیراب بھوپال ۔ رائے دوارکا پرشاد صاحب افق ملک الشعراء لکھنوی ۔ رائے رام سہائے صاحب تمنا ، و رائے کامتا پرشاد صاحب دانا مالک اخبار کالیستھ ہتکاری وغیرہ سے عموماً نظم مین خط و کتابت رہتی تہی اور ہمیشہ سلسلہ اتحاد و ارتباط تازہ رہتا تہا ۔ آپ نے رائے جے پرکاش لال صاحب کے ۔ سی ۔ آئی ۔ ای ۔ دیوان ریاست ڈمراؤن کی دعوت مین بموقعہ کالیستھ کانفرنس ۱۳۱۲ھ

فارسی مین قصیدہ فرمایا تھا اوراسی طرح دہلی اور کلکتہ کے سفر مین آپ نے مشاعرہ کے لیئے دو دو غزلین تصنیف فرمائین۔ چند اشعار مشاعرہ کلکتہ اور تحفہ دربار دہلی ہدیۂ ناظرین کیئے جاتے ہین۔

اشعار غزل مشاعرہ کلکتہ

وچند اشعار نمونہ لطیفہ دربار دہلی مصنفہ حضرت باقی

	اشعار	
کوئین بر شنیدم شہنشاہ شد		دلم زین حقیقت نہ آگاہ شد
شہنشاہ یورپ شدن مشکل است		اگر بہر ہند است بے حاصل است
شہنشاہ را تاج بخشی سزا ست		زشاہان اگر باج گیرد رواست
درآن وقت این نام با نامی است		وگرنہ فقط لفظ بے معنی است

غزل دیگر

ہست محراب حرم ابروئے تو		کعبۂ ارباب ایمان کوئے تو
منت بیجا ز رضوان کے کشم		ہست فردوس برین جیون کوئے تو
اہل ہفتاد و دو ملت اے حبیب	•	سلسلہ جنبان شد از گیسوئے تو
در حساب وین وار انش شمار		باقی زار ست یک ہندوئے تو

باز گو باقی غزل گشتند شاد
اہل کلکتہ ز گفت وگوئے تو

ان مقامات پر آپ کے کلام کی بہت قدر و مانگ ہوئی۔ بلدہ مین بھی

پہلے فارسی مشاعرہ بہت ہوا کرتے تھے۔ بالخصوص بارہ دری عالیجناب سر مہاراجہ بہادر میں آپ شریک ہوتے اور غزل فرمایا کرتے تھے اور باوجود کثرت کار آپ کا سلسلہ تصانیف کبھی نہیں رکا۔ روز صبح چار (۴) بجے سے سات (۷) بجے تک یہی تصنیف اور تالیف کا مشغلہ رہا کرتا تھا۔ اور شب میں بھی اکثر آپ کی بعض تصنیفیں اس قدر مقبول ہوئیں کہ معتقدین و شایقین اب تک ان کو روزانہ پاٹ یعنی ورد کے لئے اپنے پاس رکھتے ہیں۔ ہندوستان میں بھی شنبھو پران اور بھاگوت سار زبان بھاکھا بہت مرغوب ہوئے۔ فارسی کلام میں رباعیات بابرکات یعنی نود و نہ نام اسماء الہی اور باغ رزاق جس میں ہر خوردنی و ضروری اشیاء کے خواص از روئے اصول حکمت نظم میں بیان ہوئے ہیں۔ بہت پسندیدہ اور کار آمد ثابت ہوئی ہیں آپنے اپنے زمانہ میں لایق شعرا کو پیشگاہ سرکار میں پیش کرنے سے کبھی احتراز نہیں فرمایا۔ بلکہ پیشقدمی فرمائی۔ چنانچہ بلبل ہندوستان حضرت داغ صاحب و مولانا حضرت عباس رفعت و ملک الشعراء آدوارکا پرشاد صاحب افق و راے رام سہائے صاحب تمنا و راے کھنولال صاحب تائب لکھنو وغیرہ وغیرہ کو آپ نے پیشگاہ اعلیحضرت میں پیش فرماکر ان کے کلام اور تصانیف کے اظہار کا موقع دیا۔ چنانچہ بارگاہ خداوندی سے ان حضرات کو جیغہ سرپیچ و خلعت سے قدردانی اور سرفرازی فرمائی گئی اور صاحب اول الذکر کو ملازمت سرکاری اور استادی کا فخر نصیب ہوا آپ ہر موقع او محل پر تواریخ اور نظمیں تحریر فرماتے تھے بعض کنوز التواریخ میں موجود ہیں۔ اس کے علاوہ اکثر عمارات فلک نما جہان نما وغیرہ وغیرہ کی

و پیدائش اور شادی وغیرہ کی تاریخیں بھی آپ کی کہی ہوئی ہیں۔ آپ نے انشاراے چمنا لال صاحب جید منشی عالم و فاضل جو آپکے ہی قرابت میں تھے طبع کرائی شہنشاہ جہانگیر کے مشہور شاعر ملا شیخ کی راماین کو آپنے ہی زیور طبع پہناکر پبلک میں پہونچایا۔ اپنے انتقال کے ایک دو مہینہ قبل بزبانہ علالت ایک رباعی فرمائی تھی جو درج ذیل کیجاتی ہے۔ تتمہ متفرق کلام کسی وقت ہدیہ ناظرین کیا جاے گا۔

رباعی

از درد مفاصلم نہایت دل شاد
زین درد مرا نام خدا آید یاد

بے دردی باعث فراموشی ہست
گر درد دہد خدا بکن شکر زیاد

تذکرہ کارہاے خیر

آپ کے ہاتھوں نہایت بڑے اور اعلیٰ مذہبی کام انجام پائے۔ اور اسی طرح خیراتی کام بھی جن کا نام و نشان ابھی تک باقی ہے اور لفظ باقی کے قیام تک باقی رہے گا۔ دیول چندرائن گٹھ عرف کیشوگیری کو آپ نے حسب الحکم و اجازت نواب سالار جنگ بہادر مدارالمہام وقت ۱۲۷۵ھ ہجری میں اپنے زیر انتظام و نگرانی لیا اور اپنی ذات سے لکھوکہا روپیہ صرف کرکے اس غیر آباد مقام کو آباد فرمایا۔ باؤلیات۔ باغات ذاتی تیار کئے۔ اور اکثر

عمارات عالیشان کی تیاری فرمائی- اس موضع کو محصور فرمایا-
دیگر چودہ پندرہ دیولات بھی تعمیر کرائے- آپ کو اولاد کے پیاپے
ضائع ہونے سے اُن قدیم اُفتادہ دیولات کا دلی شوق ہوگیا تھا
جو ویران اور کس مپرسی کی حالت مین پڑے ہوئے تھے- چنانچہ
آپ نے زمینات قولی اپنے نام سے بتقررین حاصل کرکے کیشوپیٹھ
عرف کیشوگیری یا چندرائن گٹہ کو آباد فرمایا- دیگر معززین و امرایان
سے آمدنی زمینات و یومیہ محاصلی مقرر فرمائے- آپ نے اس دیولکی
پوجاپاٹ موقوف شدہ کو از سرنو جاری کراکے جاترا کا آغاز
فرمایا- اور پوجاری کو جوکہ رہزنی اور ڈاکہ وغیرہ سے ازبس تنگ تھا
اور جس نے آئیندہ کے لیئے کاروبار مین عدم مداخلت کا اقرارنامہ
دیدیا تھا بلواکر مکانات بصرفہ ذاتی تیار کرادیئے اور اقامت و
حفاظت کا انتظام فرمایا- ان کی مسدود شدہ تنخواہین جاری
کرائین اور بے حد سلوک کرکے دوسرون سے بھی سلوک کرایا-
اور پہر وہ ذریعہ آپ نے اختیار فرمایا جس سے آبادی و ترقی
دیول مین کوئی کمی نہ ہو- جاترا بڑی شان سے آغاز کی- اور اس
دیول کے لیئے جملہ آمدنی و اخراجات بشمول آمدنی رقم نذر ذاتی خود
چھہ ہزار چار سو روپے مخصوص فرمائے جسمین ذاتی تین ہزار دو سو روپیئے
اور بقیہ رقم دیگر امراکے عطیہ اراضیات اور مقطعہ جات دیول
وغیرہ کی شامل ہے- ایک مرتبہ آپ نے اپنی ذات سے چودہ ہزار
روپیئے اس دیول کے لئے نذر کیئے جس مین دو مقطعہ ابھی تک
محاصلی ایک ہزار سے زاید سالانہ کی رہن اور انکی آمدنی دیول کے لئے

مخصوص ہے۔ اب بھی یہ جاترا خاص بلدہ کی جاتراؤن مین ممتاز ہے اور اسی جاترا سے نمایش مصنوعات ملکی کا آغاز ہوا ہے۔ اسیطرح آپ نے دیول بالونت عرف پھٹک شلا واقع اناگوندی کے افتادہ وبیچراغ دیول کو ۱۳۰۴ سنہ ہجری مین تعمیر کرایا اور اس کیلئے بہ نفس نفیس پھر کر چندہ فراہم کیا اور متعدد معززین اور ساہوکارون سے سالیانے بھی مقرر کرائے گئے جن مین بعض ابتک جاری ہین۔ دیول داناگندم بھی جو بوجہ ضبطی معاش بالکل ہی ناقص حالت مین تھا آپنے اپنی نگرانی اور اہتمام مین لیکر ۱۲۸۷ سنہ ہجری سے جاترا اور پوجا وغیرہ کا آغاز فرمایا۔ چنانچہ یہ کام بھی ابتک اسی خاندان سے متعلق او جاری ہے۔ یہ پر فضا مقام وقارآباد سے تین چار کوس پر واقع ہے۔ اس اطراف واکناف مین یہ بہت پر لطف اور مشہور دیہاتی جاترا تہوار ہولی کے دسوین روز انجام پاتی ہے آپ نے بمقام مرزاپور عرف بندھیاچل دریاے گنگ پر ایک گھاٹ بنام کشیوگھاٹ بنظر سہولت وآرام زائرین سال ۱۳۰۳ سنہ ہجری مین تیار کرایا۔ اس کے قبل کوئی گھاٹ نہین تھا۔ آپ نے اپنے ایک مقطعہ موسومہ توپرہ خورد عرف ہری نگر مین باقی ساگر نامی ایک تالاب پندرہ ہزار روپیے (۱۵۰۰۰) سے تیار کرایا جس سے ہزارہا مخلوق اور جانورون کو تشنہ لبی وقلت آب سے نجات ملی۔ آپ نے اپنی انا یعنی دایہ کے نام ایک باوٗلی کندہ کرائی جس کا نام گنگا باوٗلی ہے۔ آپ ہر سال حضرت حسین شاہ ولی صاحب قدس سرہ واقع کبوترخانہ قدیم کا عرس روشنی

علاوہ دیگراعراس کے اپنی ذات سے فرمایا کرتے تھے۔
آپ ہر سال ماہ صیام مین روزہ دارون کے افطاری کا اہتمام فرماتے تھے۔ اور ہر بڑے مرشد کامل کے آنے پر اُن کی تواضع خاطرداری مین ہزارہا روپیہ صرف فرماتے تھے
عموماً ہر زبان کے عالم و فاضل بھی بغیر آپ سے ملاقات کئے واپس نہ ہوتے تھے۔ آپ نے ملپا گرو مہاراج جو مرشد مشہور و معروف تھے ہزارہا روپیے اور سیکڑون من غلہ کی فراہمی اور چندہ سے خدمت کی اور یہ اہتمام کیا کہ صبح سے شام تک لوگ روزانہ تا قیام گرو مہاراج بمقام کیشوگری حسب منشا مہاراج موصوف کھائین۔ اسی طرح آپ کے جا بجا دو ایک بڑے کام مثل یگیہ وغیرہ ہوئے۔ آپ بلدہ کے دو دیولات کے متصلہ مساجد کے جھگڑے کے موقعہ پر بھی منجانب سرکار تصفیہ کرنے کے لئے مقرر فرمائے گئے تھے اور بلا کسی فساد طوالت کے ان مذہبی نزاعات کا خاتمہ ہوگیا۔
بمقام جیڑکل ایک کمان اور مکان سنگ بست بغرض آرام زائرین و معتقدین خاص طور پر تیار کرایا گیا جو کثرت جاترا مین عام سہولت پہونچا تا ہے۔ آپ اپنے والد راے نرہری پرشاد صاحب مرحوم کے نام رود موسی پر ایک دھرم شالہ بنوادیا جو باوجود طغیانی اب تک ویسے قایم ہے اس کی تعمیر سے موسم بارش دگرایام جنازہ کے ساتھ آنے والون کو بہت آرام ملا کرتا ہے۔
اس کی تاریخ آپ کی مصنفہ یہ ہے۔ دار باقی زنرہری پرشاد
۱۲۹۷ھ

ملاقات بزرگان دین و حالات سیاحت و زیارات

رباعی

دنیا چو سرائے است سفر باید کرد
از رہگذر دہر گزر باید کرد
این جائے مقام نیست آرا ہرون
پس ماندہ راہ را خبر باید کرد

آپ فقیر کامل اور بزرگان دین کے بڑے معتقد تھے۔ آپ کی خوش نصیبی سے سری مانک پربھو مہاراج ساکن مانک نگر ہمنا باد و سری ملیا گرو ساکن اوسہ و سری برہمانند سرسوتی ساکن پیری ضلع اورنگ آباد دکنی باد اساکن بلدہ حیدرآباد و سری بھاسکر انند سرسوتی مرتاض کامل ساکن بنارس سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا تھا اور سب نے عندالملاقات آپ کی ترقی دینی و دنیوی اور نجات کے لیئے دلی دعا فرمائی تھی۔ جبکہ آپ کی متعدد اولاد ضائع ہو چکی اور راقم کے (عمر) پانچ سال تخت علیل ہونے پر سری بھاسکر انند سرسوتی سے بنارس جا کر ملاقات فرمائی بغیر اظہار حالات سری سوامی مہاراج نے راقم کے لئے اظہار اطمینان دلایا اور فرمایا کہ اس لڑکے سے اطمینان رکھو۔ یہ ہمارے ذمہ ہے چنانچہ مثنوی شمع منور فارسی اور پتی چر ترا اُردو و سوانح عمری سوامی جی ممدوح میں اس کا تفصیلی ذکر ہے اور اسی وجہ سے راقم کی رسم مکتب خوانی شادی وغیرہ بنارس ہی میں انجام پائی۔ اور آپ

بلحاظ عقیدتمندی ہرسال دوسال مین بغرض ملاقات وقدمبوسی
مہاراج موصوف بنارس تشریف لیجاتے تہے۔ سری نانک پربہو مہاراج
نے بہی آپ کو دو عصا اور دو طوطے سرفراز فرمائے تہے جس کا
یہ منشا تھا کہ آپ کے اولاد ذکور سے دو یادگار رہین گی۔ آپنے
اکیس (۲۱) سفر کئے تہے۔ جو آپ کے سفرنامہ موسومہ توشۂ عاقبت سے
مفصلاً ظاہر ہے۔ آپ کلکتہ۔ دہلی۔ آگرہ۔ متھرا۔ بندرابن۔
پونہ۔ بمبئی۔ مدراس۔ بالاجی۔ سریرنگ۔ شوکانچی۔ جگنناتھ جی۔
سندیلہ ڈمراون۔ بنارس۔ مرزاپور۔ الہ آباد۔ جبل پور۔ لکھنو۔
کانپور۔ نیم سارن۔ اجودہیا۔ گیاجی۔ امرتسر۔ لاہور۔ جوالامکہی
جالندہر۔ تلجاپور۔ پنڈہرپور۔ اجمیر شریف۔ پشکرراج۔ جے پور۔
بہوپال۔ اجین۔ ملکارجن۔ ناسک۔ ترنبک۔ اونکارناتہہ۔
مالونت بیجاپور۔ بلاری۔ بہدراچل۔ داماگنڈم۔ اناگوندی
اور دیگر اکثر مقامات علاقہ سرکار عالی مین تشریف لیجاچکے تہے۔
اور ہرجگہ آپ نے خیرات و مبرات مین ایسا حصہ لیا تہا کہ
آج تک اون مقامات مین نام روشن ہے۔ اور لوگ نہایت
محبت و احسان سے یاد کرتے ہین۔ آپ ہرجگہ بلالحاظ قوم وملت
قابل دید مقامات متبرکہ سے فیض حاصل فرمایا کرتے تہے۔
آپ بنارس بلحاظ مقام متبرک نو (۹) مرتبہ تشریف لے گئے تہے۔
آپ کے ہمراہ ہمیشہ متعدد اقربا و ملازمین رہتے تہے۔ اور یہ
بوقت شادی راقم جو سفر آخری تھا متعدد ڈیے مخصوص اور منتخب تہے
اور ہرلوازمہ مثل نوبت و روشن چوکی ساتہہ تہے۔ مذہبی فرائض

ورسومات کی ادائی جملہ مقامات متبرکہ مین نہایت شاندار طریقہ
کرتے رہے۔ اور آپ نے اپنے والد ماجد راجہ نہری پرشاد
کے نام ہزارون کا سلوک و خیراتی کام کیے۔ آپ سنہ ۱۳۰۱ھ مین
سواری سرکار کے ساتھہ جب بنارس تشریف لے گئے تھے تو
آپ نے بنارس کی شان مین جو نظم تحریر فرمائی ہے اس سے
چند اشعار ہدیہ ناظرین کیے جاتے ہین۔

نظم در بنارس

محبوب شہ آمد بہ تماشائے بنارس
جہانی او ساختہ راجائے بنارس

آن ایسری پرشاد کہ مشہور جہانست
حسرت دہ ہند است از و جائے بنارس

یوسف زد و کن آمدہ با حسن و تجمل
تا عاشق او گشتہ زلیخائے بنارس

آبش کہ ز گنگ است مگر آبحیاتست
جان دادہ بہر مردہ مسیحائے بنارس

ہم راجہ نراندر کہ بہمراہی شہ بود
اشنان او اکرد بہ گنگائے بنارس

دیگر چہ کنم وصف بنارس کہ ہمیشہ
باقی سر من باشد سودائے بنارس

دیگر مشاغل و مصروفیت عام

آپ پخت و پز مین لاجواب مہارت و دخل تامہ رکھتے تھے

آپ بارہا حضرت غفران مکان علیہ الرحمتہ و عالیجناب نواب سالار جنگ اولے و عالیجناب راجایان راجہ نرندر بہادر و پیشکار و دیگر امرا و معززین کی خدمت مین ہندوانی و اسلامی کھانے اور مرغوب اغذیہ پکاکر داخل فرماتے تھے۔ اور آپکی تیار کردہ سب غذائین بہت تعریف سے کھائی جاتی تھین۔ اور عموماً فرمایشون کا سلسلہ رہتا تہا۔ آپ کو اچار اور مربہ تیار کرانیکا خاص طریقہ معلوم تھا۔ بعض رسومات اور قومی شادیون مین اصلاحین فرمائین۔ اور غزلخوانی کے طریقہ کو جو غیر مہذب بنگیا تہا دلخوش کن اور مہذب لباس پہنایا تہا۔ علم موسیقی مین کافی معلومات تھین۔ آپ کے یہان پنجاب کے ربابی ملازم تھے۔ اور بوقت فرصت آپ کا کلام سنایا کرتے تھے۔ اور اپنے عزیزان خاص کے علاوہ اکثر دوسرے اشخاص کی شادیان و دیگر رسوم مذہبی مفت کرادیتی تھین۔ آپ متحمل مزاج۔ دوراندیش۔ خیرخواہ سلطنت تھے۔ آپ ہمیشہ قدیم لباس جامہ نیمہ دوگلہ وغیرہ مین ملبوس رہا کرتے تھے۔ ایک دفعہ صاحب عالیشان بہادر نے معمولی دربار انگریزی کے موقعہ پر آپ سے اس قدیم لباس کے متعلق یہ تمسخر فرمایا تہا کہ راجہ صاحب یہ ہماری لیڈیون کا لباس ہے۔ آپ کیون پہنتے ہین۔ آپ نے اُس وقت یہ برجستہ جواب دیا کہ صاحب یہ لیڈیون کا لباس نہین ہے بلکہ آپ کے مرشد اور رہنماے دین پادری صاحبون کا لباس ہے۔ جس کی ہر وقت تعظیم ہونی ضروری و لازمی ہے۔ اسی طرح کے متعدد واقعات ہین جو بخوف طوالت

قلم انداز کر دیے گئے۔ آپ جہان نوازا ور قوم و ملک کے
فدائی تھے۔ آپ نے ہمیشہ قومی کامون مین پیشقدمی کی ہے
آپ راسخ الاعتقاد پابند مذہب اور طریق قدیم تھے۔ آپ
بے تعصب ہمدردانہ اور بے ریا انسانی دل اپنے پہلو مین
رکھتے تھے۔ آپ ہر قوم و ملت مین خدائی شان و جلوہ دیکھتے تھے
اور ہر ایک کے دُکھہ درد سے فوراً متاثر ہوکر انکا کام اپنے
ہاتھہ مین لے لیا کرتے تھے۔ آپ کامل تجربہ کے بعد یا تحقیق پر
پورا بھروسہ فرماتے تھے۔ آپ کسی کے ساتھہ کوئی برائی کرے تو
اس کے تخریب کے درپے نہین رہتے تھے۔ آپ اپنے
مالک کے جیسے سچے معتقد و وفادار تھے اسی طرح اپنے والد
استاد و مرشد کی ذات مین پوری عقیدت رکھتے تھے۔ آپ نے
اپنے والد رائے نرہری پرشاد کی شان مین ایک قصیدہ
لکھا تھا جو اپنے ڈھنگ کا نرالا اور اظہار عقیدت کا
سچا فوٹو ہے۔ نمونتاً شعر اوّل و دوم اور آخری درج ذیل ہین

اشعار در مدح والد ماجد

نرہری پرشاد صاحب والد والائی من نیست در عالم بغیر از ذات پاک او دگر	۰۰	مظہر من مصدر من مالک و ملجائی من والی من ہادی من مرشد و مولائی من

فارغ از خیر و شر دنیا و دین گردیده ام
در رضائی او ست باقی دین من دنیائی من

آپ نے ہتیار کے استعمال اور ہنوٹ وغیرہ کے کمال کو بطریق خاص حاصل فرمایا تھا۔ آپ اپنے ہونہار سعادتمند جوان فرزند رائے کیشو پرشاد و دیگر اولاد کے وفات پر نہایت صبر و شکیبائی سے کام لیا۔ اور مثل دیگر دنیا دارون کے مغلوب الم نہوئے۔ آپنے اپنے چار برادرزادون کو چھوٹے بہائی کے انتقال کے بعد اپنے زیر تعلیم و نگرانی رکھا۔ اور ان سب کی شادی مثل اپنے فرزند کے اعلےٰ پیمانہ پر کی تھی۔ آپ ایسے شہ خرچ تہے کہ راقم کی شادی مین کثیر رقم صرف فرمائی۔ آپ نے مہاراجہ کاشی نریش و مہاراجہ اہتی و راجہ صاحب شدیلہ کی دعوت کی تھی۔ اور بزمانہ شادی و بموقعہ سفر ہمراہی سرکار بنارس لکھنو دہلی کلکتہ بہوپال و مین جملہ اصحاب برادری اور قوم کی ہزارہا کی تعداد مین پر تکلف دعوت کی تہی۔ آپ جبوقت بیمار ہوئے اور درد پا سے لاچار تو ایک ڈیڑہ ماہ تک حاضری دیوڑہی سے معذور رہے۔ اسی زمانہ مین حضرت غفران مکان علیہ الرحمتہ نے حسینی محل و اسٹور سے ہوتے ہوئے آپ کی نسبت دریافت فرمایا اور آپ نے بحالت علالت آگے بڑھکر شاہی استقبال کا فخر حاصل کیا۔ سواری حضور پر نور آپ کے غریب خانہ پر نہضت افروز ہوی اور نہایت بشاشت و فرحت سے نذرین قبول کرکے گہنٹہ ڈیڑہ گہنٹہ قیام پذیر رہی۔ آپ پر خاص عنایات شاہی کا ثبوت اس سے بڑھکر اور کیا ہوسکتا ہے کہ آپ کے فرزند راقم کے چھوٹے بھائی رائے محبوب راج صاحب معہ تین سالہ کو جن کا نام خاص

سرفراز کردہ و نام زد شاہی ہے۔) گو دین اٹھا کر اعزاز بخشا۔ آپ نے سواری مبارک کی تہنیت افروزی کے متعلق جو نظم فرمائی اسکا مصرعہ تاریخ یہ ہے۔ تو باقی بے تکلف گو سواری نظام آمد۔
۱۳ ۱۳ ہجری

آپ نے دختروں و نواسیوں کی شادی کے لیئے اورنگ آباد و مدراس وغیرہ سے خاندان طلب فرما کر ان کی پوری کفالت فرمائی تھی۔ آپ کو ہمیشہ وسعت برادری و توسیع تعلقات اور مراسم کا خیال رہتا تھا۔ آپ نے تعلیم عزیزان کے لیئے بشکل مدرسہ چند اساتذہ مقرر کر کے اہتمام تعلیم باقاعدہ فرمایا تھا۔ آپ کے فرائض زندگی مین کوئی ضروری فرض تکمیل طلب نرہا تھا۔ آپ اکثر دوستوں سے فرمایا کرتے تھے کہ آپ کو اپنے مالک کے سامنے اس دنیا سے کوچ کرنا نصیب ہو۔ اور یہی آپ کی آخری آرزو تھی جو خدا تعالی نے پوری کی۔ آپ کو اکثر احباب بصلہ کارگزاری حصول جاگیر کیجانب توجہ دلاتے رہے۔ آپ نے ہمیشہ یہ کہکر انکار فرما دیا کہ جس روز سرکار سے مین اپنی ذات کے لئے کوئی درخواست کرون۔ اُس روز سے میری زبان اور دل مین کسی اور کے لئے عرض و معروض کرنے کی طاقت نرہے گی اور مین خدمت خلق سے محروم رہجاؤنگا۔ مین اس قیمتی خدمت کے مقابلہ مین اپنے نفع و نقصان کی پرواہ نہین کرتا۔ آپ کی سفارش پر ایک معزز عہدہ دار سرکار عالی نے باوصف وعدہ ایفاء فرمایا تھا۔ آپ نے بہت عرصہ تک انتظار کرنے کے بعد آخری مرتبہ جو یاد دہی کی وہ آپ کے مصنفہ

ذیل کے شعر سے ظاہر ہوگی جو آپکے صاف گوئی کی دلیل ہے۔ ~ ع

نہیں ہی کام قیامت مین تم سے کام نہین	خدا نہین ہو پیمبر نہین امام نہین

آپ زود نویس تھے اور خوشنویسی مین بھی خوب دخل تھا اکثر قطعات آپکے قلمی اور مصنفہ موجود ہین جو طبع شدنی ہین۔

حالات وفات

آپکو وجع مفاصل کا لگاؤ ہو گیا تھا۔ آپکی علالت ۲ محرم ۱۳۱۴ھ بخار سے آغاز ہوئی اور بڑھکر نقاہت اور دوسری کمزوریونکا سبب مرض قرار دیا۔ افسر الاطبا حکیم محب حسین فیلسوف جنگ کا علاج تھا۔ آپکے عزیزون اور دوستون نے تبدیل علاج کے لیئے بیحد اصرار کیا۔ آپنے ایک نہ مانی اور اپنے عزم پر قایم رہے جس سے آپکا استقلال اور خدا پر بہروسہ دم آخرین تک ثابت ہے۔ آپکی صحت یوماً فیوماً بگڑتی گئی اور دوا سے کچھ فائدہ نہوا اور آخر ۲۳ صفر ۱۴ سنہ ہجری روز سہ شنبہ تھا ایکادشی (جو خاص متبرک دن اہل ہنود کا ہے) آپنے انتقال فرمایا۔ آپنے پندرہ روز قبل سے غذا اور پانی کا استعمال مطلقاً ترک فرما دیا تھا از روئے شاستر ہنود یہ ایک طرح کا روزہ (انشن برت) تہا جو خاص شاغل اور کاملین کر سکتے ہین آپکے زمانۂ علالت مین منجانب و بحکم سرکار نواب محبوب یار جنگ ناظم الملک بہادر بغرض عیادت تشریف لائے تھے۔ اور عالیجناب مہاراجا یان راجہ مہاراجہ سرکشن پرشاد بہادر یمین السلطنت پیشکار و سابق مدار المہام سرکار عالی نے قدم رنجہ فرما کر عیادت فرمائی تھی۔ عالیجناب مہاراج ممدوح الشان آپنے فرمایا کہ مین بفکری اور تسکین قلب کے ساتھ جا رہا ہون۔ میری علالت نہ موجودگی اور خرابی صحت قابل فکر نہین ہے۔ عالیجناب راجہ راجان راجہ شیوراج دہرمونت بہادر آصفجاہی و عالیجناب مہاراج راجہ مرلیمنوہر آصف نواز ونت بیکنٹھ باشی دیگر معززین و ملاقاتی اصحاب نے بھی تشریف آوری سے اظہار محبت و ہمدردی فرمایا۔ انتقال کے بعد

راجہ سری پرشاد آپ کے برادر زادہ نے آخرت باقی نامی ایک کتاب شایع فرمائی -
جس مین نامور شعرا نے آپکے وفات کی تاریخین کہی ہین - بعد وفات بصلہ کارگذاری
و جان نثاری و بلحاظ قدر پروری و ذرہ نوازی جملہ خدمات راقم کے نام بعہد و
فرمان مبارک بحال فرمائی گئین - اور پندرہ روز کے اندر رسم پرسہ بپا فرمائی نیز حلہ مبارک
برآمدی کا سرو شال سفید سرفراز کیا گیا اسی طرح علاقہ دیوانی و پیشکاری سے بہی حسب غلہ آمد قدیم
عمل فرمایا گیا - آپکے جنازہ کے ساتھ ہزارہا مخلوق تہی اور بعد حکم و اجازت سرکار جنازہ اٹھا
خیر خیرات کا معقول اہتمام تھا اور لوازمات اعزازی ہمراہ جنازہ تہے - اس خزینۂ علم
اور ہمدرد زمانہ نے جسوقت آنکھین بند کین ہزارون دوست احباب شناسا اور عام
پبلک بیتاب و مضطرب ہوگئے اور آجتک بہی باوجود انقضا اٹھائیس (۲۸) سال
جب کبھی آپ کا ذکر خیر آجاتا ہے تو نہایت خلوص و محبت سے آپ یاد کیے جاتے ہین
خصوص مشکل اور اہم کامون کے انصرام و انجام دہی مستعدی و حاضر جوابی آپکی یاد کا ذریعہ ہے
بوجہ قلت وقت و خوف طوالت بغرض معلومات و دلچسپی معزز ناظرین و شایقین
چند صفحات مین اپنے معزز و محترم والد مرحوم و مغفور کے مختصر واقعات پیش کئے ہین
مینے اسمین مبالغہ و عقیدت سے کام نہین لیا ہے بلکہ والد مرحوم کے یادداشتون سے اقتباس کیا ہے
آیندہ بشرط فرصت و زندگی آپکا متفرق کلام فارسی و اردو وغیرہ بہی طبع ہوسکیگا -
جو ایک بہتر ذخیرہ تاریخی ہوگا اور باعث تفریح و دلچسپی بہی - فقط

نرسنگھ راج

هُوَ الْبَاقِی



کلام حضرت باقی

بسم اللہ الرحمن الرحیم گوی
مفتاح گنج رازہا بیان گر جوئی

باقی نام ذوالجلال لم یزل ولا یزال لیست کہ ابدالآباد باقیست وابتدای ابتدائیش وانتہائی انتہائیش کسی را معلوم نیست ۔ باقی فانی یارای حمد او نمیدارد بعضے اشعار سر غزل باقی نامہ وختم آن می نگارد ۔

غزل باقینامہ

ہمہ فانیست جہان یا باقی
ہست یک ذات تو لا باقی

اے غم عشق فنا فی اللہ کن
غیر ازین نیست تمنا باقی

دل وجان تاب توان رفت بعشق
ماندہ است این تن تنہا باقی

شد ز معشوق ظہور عاشق
نام مجنون نست ز لیلا باقی

یار با تو نشود باقی یار
واری این حرص وہوس تا باقی

غزل خاتمہ باقینامہ

ہمہ عالم فنا است اے باقی
نیست موجود غیرِ تے باقی

ہمہ تن خاییم چو نے باقی
نیست خرا ستخوان و پے باقی

از دوئی درگذر ہمہ اُوئیم
نیست در ما بغیرِ وے باقی

رفت بہرام گور ہم در گور
نام کیخسرو ست کے باقی

غیرِ حق کل من علیہا فان
باقیا نیست ہیچ شئے باقی

باقی ثانی لاثانی ذات بابرکات محبوب ربانی معشوق یزدانی است کہ از ہمہ آدم بمصداق لولاک لما خلقت الافلاک پیش از آفرینش موجود بود۔ و نیز بعد از فنای دنیا و ما فیہا بروز قیامت شفاعت جمیع عاصیان پُر معصیت خواہد نمود۔ نعت او را چگونہ سرایم بر این غزل نعتیہ کہ مشہور جہان و مقبول صاحبان ایمان و ایقان است اکتفا می نمایم۔ مولانا غلام امام شہید اکثر در مجالس مولد۔ از این غزل راقم آغاز بیان می ساخت و عالمے را بوجدی انداخت۔

غزل نعتیہ

ترا اول بہ اخفا آفریدند
ازان پس دین و دنیا آفریدند

پس از ذاتِ خدا اول خدا را
جمالت اے خود آرا آفریدند

نخستین شان و قدرت عرضه دادند — از آن عرش معلی آفریدند
ظهور عالم بالا زپس گشت — نخست آن قد بالا آفریدند
وجودت پیش آدم بود موجود — تنت را پیش حوا آفریدند
قد و خد تو را پیرایه دادند — وزان فردوس و طوبی آفریدند
زعکس خنده دندان نمایت — بهم عقد ثریا آفریدند
دو رخسار ترا گلگونه دادند — ازان شمس و قمر را آفریدند
دو گیسوی ترا پر پیچ کردند — ازان ثعبان موسی آفریدند
لب جان بخش تو اول بشد خلق — سپس روح مسیحا آفریدند
زخویت قطرهٔ در بحر بردند — زبحر نوح دریا آفریدند
زرویت صبح عید خلق کردند — زمویت شام یلدا آفریدند
برب کعبهٔ ابروی خوشت — برای سجدهٔ ما آفریدند
نشد از سرمهٔ مازاغ محتاج — که چشمان تو سهلا آفریدند
جمالت بهر عالم حسن یوسف — فقط بهر زلیخا آفریدند
سوادی دام از خال تو کردند — بدل ها زان سویدا آفریدند
نهال قامتت را سایه زان نیست — ترا بی مثل و همتا آفریدند
بجانت آفرین جان آفرین کرد — ترا تا جان جانها آفریدند
زبهر امتان بیکس و زار — ترا ما وا و ملجا آفریدند
مبارک آفرینش را که چون تو — شفیع روز فردا آفریدند
خدایت رحمة للعالمین گفت — بهر کس رحم فرما آفریدند
سراپائی ترا مدحت چه سازم — که از نورت سراپا آفریدند

مرا باقی زبیر وصفِ آن گل
برنگ مرغ گویا آفریدند

باقی لقب ظاہری وتخلص شاعری این فانی البنیا دگردہاری پرشاد است کہ پدرشش رائے زہری پرشاد بن رائے سوامی پرشاد بن رائے راجارام متوفیست کہ خدمت استیفارسی وششش کارخانہ جات سرکار کہ ازسہ پشت ارثاً تعلق داشت تاحال باقیست۔ واضح باد کہ این ہرسہ تن اجدادمن مخزن معرفت اساسی ومعدن گوہر حقیقت شناسی بودند۔ ازتصانیف کتب ویدانت مذہبی مشتہر جہان وشمنی دوران گشتند۔ این ہیچدان رانیز اللہ تعالیٰ بہ آن پایہ رسانید واکثر کلام مرا بزبان فارسی ہندی بہاکا واردو سرزد گردیدہ وتا ہندوستان وایران بہ رسائی تقدیر رسیدہ مقبول گرداند۔

غزل

آلہی جلوۂ طور معانی وہ بیانم را
لبم را معدن یاقوت رنگین معانی کن
تن بے مایہ ام را پُرکن ازجان سخندانی
چہ درظاہر چہ درباطن برے خویشتن واکن

زبان شعلۂ وادی ایمن کن زبانم را
بہ نیسان سخن پُر درنما درج دہانم را
روان جسم نظم ونثر کن طبع روانم را
زدل چشم نہانم رازسر عین عیانم را

فناگردان بہ جستجوئ نام بے نشان خود
نشانے نابود باقی وجود ناتوانم را

باقی ہرچیز فانی است درد ے کہ باقیست فانی نیست چون تمنائ مطالعہ رسالہ

نالہ درد و آہ سرد حضرت خواجہ میر درد کہ فقط نام شنودم و گاہے ندیدہ بودم در دل داشتم اتفاقاً بجہت تلاش این رسالہ ہائے نادرہ بہ مخزن معرفت مولانا عباس رفعت بہ شہر بھوپال کہ مجمع اہل فضائل و کمالست بنگاشتم الحمدللہ کہ ازان جا پنج رسالہ کہ حواس خمسہ کالبد عرفان بودند ہمدست شدند کیفیت آن ازین دردنامہ منظومہ کہ در شکریہ این ہدایا بطور رسید ارسال یافتہ بود پیداست و مذاق و اشتیاق باقی ازان ہویداست۔

رقعہ منظومہ

اے جناب رفعتِ رفعت مآب
مولوی عباس عالی انتساب

تا بہ باغ خاطر این خوش نصیب
نالہ آمد ز سوز عندلیب

گل گل از گلبانگ او نالان شدم
شکل نرگس جملہ تن حیران شدم

رشک بر دم بر نوائے سوز او
جان فدا بر نالۂ دلدوز او

در چنین باغ بسیط پُر بہار
از نظر گلگشت کردم چند بار

دیدہ واکردم تماشا ساختم
آہ سرد حسرت افزا ساختم

نالۂ دردے کہ میکردم تلاش
آہ سردے برکشیدم دلخراش

نالۂ پُر سوز دیگر شد حصول
ہدیہ‌ام دادی ز جان کردم قبول

درد دل چون مرہم دل یافتم
نور ایمان شمع محفل یافتم

خواستم دو نسخہ حاصل گشتہ پنج
از تو ممنونم درین دار سپنج

نالۂ درد از تو پر آوازہ شد
آہ سردے گرم بے اندازہ شد

درد دل آرام جان شد بے دروغ
شمع محفل از تو گشتہ با فروغ

زیور طبع از تو شد این چار را
ساختی مشهور بر تحریک من
آفرین بر سعی جهدت آفرین
آفرین بر بیگم شاه جهان
آفرین بر ملکهٔ بهوپال باد
آفرین بر خوشنویس این کتاب
آفرین شد از تو زنده نام درد
صد هزاران شکر احسان میکنم
در جواب ار دیر شد معذور دار

از دکن تا کشور چین و خطا
آفرین بر رائے خوب نیک من.
آفرین بر شاه همت آفرین
آفرین بر همت آن قدردان
آفرین بر دولت و اقبال باد
آفرین بر این کتاب لاجواب
آفرین شد رشک صبح شام درد
صد ستایش از دل و جان میکنم
من فراموشت نکردم زینهار

در دل باقی عقیدت باقیست
یار باقی هست و صحبت باقیست

[3] اس قید کا فائدہ یہ ہے کہ تم فرماتے ہو جو مستعملہ بعض شعرا ہے اس میں بھی شترگربہ ایک ہی جملہ میں ہے کیونکہ تم فی الجملہ تحقیر ہے اور فرمانے میں کمال تعظیم ہے مگر صراحتہً نہیں یہی وجہ ہے کہ لوگوں نے اس قسم کا جملہ استعمال کیا ہے المختصر تم فرماتے ہو بوجہ استعمال محض نادرست تو نہیں مگر رکاکت سے خالی نہیں خصوصاً اوس شخص کے آگے جو خوب جانتا ہے کہ فرمانا تعظیم کے مقام میں بولا جاتا ہے ۱۲ ایضاح

[4] اسکی دو صورتیں ہیں ایک تو نظم ہی نہو دوسرے نظم ہو مگر ایک ہی شعر نہو چند شعر ہوں ۱۲ ایضاح

[5] جواز کی وجہ یہ ہے کہ روزمرہ کی بول چال میں جب کوئی شخص کوئی واقعہ بیان کرنے لگتا ہے تو کبھی اپنے آپ کو ہم تعبیر کرتا ہے اور کبھی میں وقس علی ہذا جب روزمرے کی بول چال میں مختلف طور پر بولتے ہیں تو مختلف شعروں میں یا نثر کے مختلف فقروں میں جائز کیوں نہو گا متقدمین تو متقدمین متاخرین کی مثنوی وغیرہ میں یہ اجتماع جا بجا پایا جاتا ہے اسیطرح نثر میں بھی کہیں میں لکھتے ہیں کہیں ہم ایک [illegible] کہتا ہوں لکھتے ہیں اور [illegible] ہم کہتے ہیں [illegible] ہیں وقس علی ہذا ۱۲ ایضاح

[6] یعنی اگر تو مختلف جملوں [illegible] شعر ایک [illegible] ہو ۱۲ ایضاح

[7] کیونکہ تم میں من وجہ تحقیر ہے اسلیے اسکو تو کے ساتھ مناسبت ہے اور چونکہ من وجہ تعظیم ہے اسکو آپ کے ساتھ مناسبت ہے بخلاف تو اور آپ کہ اول محض تحقیر کیلیے ہے اور ثانی محض تعظیم کیلیے غرضکہ جو رکاکت تو اور آپ کا اجتماع میں ہے وہ تم اور آپ میں [illegible] نہیں دونوں قسموں میں فرق بین ہے ۱۲ ایضاح

پڑے گا۔ ذوقؔ سے آئیو دامن اوٹھائے مرقد عشاق پر۔ ہاتھ لیجائے نہ کوئی تیرے داماں کیطرف۔ مومنؔ سے یہ تمنے نئی طرح نکالی ؎ معشوقی ہو آپ کی نرالی۔ نسیم دہلوی سے یہ شوخیاں تمہاری لکھی ہوئی ہیں دل پر ؎ آخر کبھی تو میرے قابو میں آئے گا دل۔ ذات شریف ہو تم میں خوب جانتا ہوں ؎ طوفان اور کوئی ٹھہرا اوٹھایئے گا۔ وزیرؔ سے نثار کرتے ہیں آ دیکھو جان تنا کے پاس ؎ لگے کو آپ کے خنجر پہ سر کو ٹھوکر پر۔ گویا سے محمد سے صفت پوچھو خدا کی ۔خدا سے پوچھئے شان محمد۔ قلقؔ سے کچھ علاج ایسا بتاؤ کہ یہ درد دل بھی ؎ آپ کی طرح مسیحائے جہاں ہو ورنہ ہے بحرؔ سے شرارت آپ کی ہر حال میں ہے کوئی کیا جانے ؎ دم سختی جو پتھر ہو تو وقت نرمی آہک ہو امیرؔ سے میخانے میں پایا ہے امیر آپ نے مسکن ؎ عشرت سے گذر جائے گی برسات تمہاری۔ تسلیمؔ سے یہ غلط ہے کہ یاد کرتے تھے مجھے تم ہجر میں ؎ غیر کی الفت نہ تھا جو آپ کے ہیں دل میں تھا۔ امیرؔ سے خدا کی شان کہ ہم دیکھیں آپکی آنکھیں ؎ نگاہ تک نہ کرو تم ادہر اودہر دیکھو۔ دل غرور حسن تمکو ہی کمال عشق مجکو ہے ؎ کہو تم میرے دل کی یا میں کہدوں آپ کے دل کی۔ اب یہ بھی سمجھ لینا چاہیے کہ کہ شتر گربہ کی اس قسم سے بھی احتیاط اولے ہے اپنا جہان اوسکے عوض ضمیر متکلم استعمال کر سکتے ہوں وہاں اوسکو ضمیر واحد متکلم کے ساتھ لانا شتر گربہ ہے جیسے ع دل مرا جان مری داغ سویدا اپنا یہاں میرا اور اپنا میں شتر گربہ ہے اپنا کی جگہ میرا کہنا چاہیے۔ اور ایسی صورت میں کہ ع اپنے دلسے میں آپ نالاں ہوں ؎ شتر گربہ نہیں کیونکہ اپنے کی جگہ میرے نہیں کہہ سکتے۔

پہلوے ذم

ذم کی دو صورتیں ہیں ایک صورت یہ ہے کہ کلام کے الفاظ کچھ ایسے طور پر واقع ہوے ہیں کہ دو معنوں کا احتمال پیدا کریں اور انہیں سے ایک معنی قبیح ہوں اور دوسری صورت یہ ہے کہ پورے الفاظ کے ملانے سے تو کلام ذو المعنیین نہ ہے لیکن اگر اوسکا کوئی ٹکڑا علیحدہ کرلیں تو قبیح معنی پیدا ہو جاویں جیسے سے ہوا کا گذر بھی وہاں تک نہیں ہے ؎ ہوا اسطرح بند روزن کسیکا سے تم نہ ملو او غیر سے مہندی ؎ خون روئیں گے ورنہ ہم غم میں سے پکڑ لینگے ہم دوڑ کر اوسکا دامن

سے خصوصاً تو اور تم کے اجتماع سے کیونکہ کلام اساتذہ میں بہت کم مستعمل ہوا ہے ۱۲ ایضاح ۲ے اولویت دو وجہیں ہیں ایک تو یہ کہ تم میں گو من وجہٍ تعظیم ہے مگر وہ تعظیم نہیں جو آپ میں ہے دوسرے یہ کہ بوجہ عدم تتبع و تدبر اکثر حضرات کا یہ خیال ہو کہ تم اور آپ کا اجتماع عموماً ناجائز ہے اگرچہ یہ خیال اونکا محض غلط ہے مگر احتیاط اسکو مقتضی ہے کہ ایسی چیز کیوں استعمال کیجائے جسکو لوگ ناجائز محض جانتے ہوں ۱۲ ایضاح۔

ہیں محشر میں ہم اور قاتل ہمارا ؎ یہ آئینے عبث دیوار میں لگواتے ہو اے جان ؛ ہمارا دل
ہے آئینہ اسے پیش نظر رکھو ؎ چڑھاؤ چادر گل قبر پہ آؤ ہنسو بولو ؛ تمہارے منہ سے پھول آئے
غیرت گلزار چڑھتے ہیں۔ اچھے اچھے کہنہ مشق کبھی کبھی معانی و مضامین کی تلاش میں خیال
نہیں رکھتے اور اس قسم کے مذموم شعر کہہ جاتے ہیں۔ معشوق کو جو رشک خور لکھا کرتے ہیں
غلط اللفظ ہونے کے علاوہ اوسمیں ذم کا بھی پہلو ہے کیونکہ خور بفتح خا ہے رشک خر ہو جائیگا۔ ایام
یعنی تعین کثرت سے مستعمل ہے بعض جگہ پہلوے ذم پیدا کر دیتا ہے جیسے ع یاد آئے
ہیں اپنے ایام صحبت۔ یہ لفظ بھی بعض جگہ پہلوے ذم پیدا کر دیتا ہے جیسے ع بگڑ جاتے ہیں
اکثر آپ کیوں اثناے صحبت میں آب اے میں الف ثانی اکثر تقطیع سے گر کر آبے ہو
ہو جاتا ہے جیسے ع بیتاب ہوں فرقت میں اب اے غیرت لیلی ؛ اسباب کا مضحکہ لکھنو میں مشاعرے
کے دن ایک[1] نامی شاعر کے شعر پر ہو چکا ہے آدمی کو اسکا بہت لحاظ رکھنا چاہیے کہ ہنسا نہ جائے

مبتذل مضامین

بعض[2] حضرات جدت کا شوق رہتا ہے کبھی کبھی ایسے شعر کہتے ہیں کہ صحیح مذاق والوں کے
ذائقہ زبان پر رکھے پھیکے کڑوے کسیلے معلوم ہوتے ہیں جیسے ؎ چھرا چلا فلک پہ بت
خانہ جنگ کا ؛ چھوٹا ہے نیل گاو پہ کتا تفنگ کا ؎ کشتہ چشم کی تربت کا جو سبزہ ؛
پیٹ سے بکری کے ہو بچہ آہو پیدا ؎ طفل گلزار کے عشق میں آخر ؛ جان سے اپنے ہاتھ دھو بیٹھے
؎ اڑائے پھرتی ہے باد مخالف مجکو گردوں پر ؛ نہیں معلوم پتنگی ہوں کہ چنگی کا پچھلا
ہوں ؎ اسقدر لاغر ہوئے ہیں ہم خیال زلف میں ؛ اب سواری کو ہماری ایک جوں

---

[1] دیکھو حضرت جلال لکھنوی کے تیسرے دیوان کا شعر ہے ؎ اب نکھو میں کب پھر کے آتی ہیں نظر میں ؛ کہیں دیکھ پایا ہے روزن کہیں کا حضرت خورشید لکھنوی نے رسالہ افادات میں لکھا ہے کہ ملک نے یہ مقطع جلسہ مشاعرے میں پڑھا ؎ خدا کیواسطے جلدی سے آکے اب گردن ؛ کوئی ملول کی اس رہگذار پر مارے بعض لوگوں نے بے تہذیبی و شوخی سے فقط مصرع ثانی کا اعادہ کر کے جو تعریف کی تو وہ بیچارے ایسے خفیف ہوئے کہ اوسدن سے تادم مرگ گھر سے نکلے نہ کسی سے ملاقات کی [2] ایضاً [3] یعنی امانت لکھنوی جنکا تخلص استاد ہے جب انہوں نے یہ مصرع پڑھا ع لبو پر جان آئی آپ کی استاد کیا کبھی مشاعرے ہو دا لوگوں نے غل مچایا۔ ای استاد کہا کبھی ای استاد لیجیے [4] ایضاً

[5] رشک مرحوم جو ناسخ کے شاگرد رشید تھے اور علوم عربیہ و تحقیقات شعریہ میں یگانہ کامل ہستی تھے اور جنھوں نے بہت سے الفاظ ترک کئے ہیں اور اپنی رسالہ میں لکھا ہے [illegible] متروکات ہیں باین ہمہ کمال بعض اوقات ایسے مبتذل شعر کہہ جاتے ہیں کہ ادنی لوگوں کو [illegible] آتا ہے انکے دیوان میں ایک غزل کے یہ اشعار ہیں ؎ چاول الماس گوشت لخت جگر ؛ فرقت یار میں پلاؤ نہیں ؛ [illegible] کیوں فلک [illegible] ؛ یا ورد کی [illegible] نان پاؤ نہیں [illegible]
[illegible]

درکار ہے۔ اور جب یہ حضرات بدرجاچ ہونا چاہتے ہیں تو اس قسم کے شعر کہنے لگتے ہیں ؏
پیش [illegible] سن گھنگھرو کے گانا اوس بت بے پیر کا ؏ دائرہ بجنے لگے حرف خط تقدیر کا۔ مانا کہ ؏
ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر ست ؏ اور بلند پروازی و جدت ایک عمدہ چیز ہے مگر مزے کے
ساتھ ہو غزل میں عشقیہ مضامین درد آمیز معانی پاکیزہ خیالات سلجھی ہوئی ترکیبیں نکھری
ہوئی بندشیں دلکش الفاظ چلبلے چلے مربوط مصرعے پھڑکتے ہوئے شعر ہونا چاہئیں۔ چونکہ
سابق زمانے سے اکثر دلی والوں نے بیشتر ان امور کا خیال رکھا ہے اسوجہ سے اسکو
دلی کا رنگ کہتے ہیں **میر و درد** کا کلیات نسیم دہلوی کا دیوان **داغ** کا کلام دیکھو کہ
کسقدر مقناطیسی اثر رکھتا ہے لکھنو کے اگلے شعرا میں سے صبا کی شیریں زبانی اور سحر کی سحر بیانی
دلی والوں سے ملتی جلتی ہوئی ہے اور اب تو اکثر لکھنو والوں نے اپنی طرز چھوڑ کر وہی رنگ اختیار کیا
ہے فی زمانہ ایسے دو چار نامی شاعر موجود ہیں جنسے لکھنو کو فخر ہے خدا اونکو سلامت
رکھے اب میں اپنی بعض غزلیں لکھتا ہوں ناظرین اونسے اس رنگ کا اندازہ کرسکتے ہیں۔

غزل

نالے بیتاب ہیں سینے سے نکلنے کیلیے
اوس ستمگر سے کوئی کہدی سنبھلنے کیلیے

چشم عاشق کے ہوں آنسو کہ کسی کا جوبن
بڑھ چلیں لاکہ مگر دونوں ہیں ڈھلنے کیلیے

خانۂ دل میں رہو تم جو یہاں جی گھبرا ے
چلے آنا میری آنکھوں میں ٹہلنے کیلیے

شوخیاں اونکی سر بزم حیا سے بولیں
تنگ محفل سے ہوا حکم نکلنے کیلیے

درد تعظیم کو پہلو سے نہ کیونکر اوٹھے
دل میں آتا ہے کلیجا کوئی ملنے کیلیے

کبھی میرا کبھی اونکا جو ہے شکوہ دلکو
ڈھونڈھتا ہے کوئی پہلو یہ مچلنے کیلیے

اے سپہر جذبۂ دل وقت مدد آپہونچا
گھر سے وہ آج نکلتے ہیں ٹہلنے کیلیے

اونکی تصویر ہو چوری تو وہ جل کر بولے
اب یہ معشوق نکالا ہے بہلنے کیلیے

لاکہ رسوا ہو مگر چاہ بری ہوتی ہے
دل کو پھر ضد ہے اوسی کوچمیں چلنے کیلیے

محفل غیر میں کیوں شمع جلائی تمنے
کیا وہاں کوئی نہ تھا رشک سے جلنے کیلیے

نامناسب ہے یہاں غیر کا رہنا شب وصل
تم اشارہ کرو اب شرم کو ٹلنے کیلیے

مرگیے ہم تو کفن دیکھ کے بولا وہ شوخ
جان دی اسنے نیا بھیس بدلنے کیلیے

حسرتیں بھر گئیں ای شوق یہانتک دلمیں
آرزو ڈھونڈھتی ہے راہ نکلنے کیلیے

غزل

اودھر رخ سے گھونگھٹ اوٹھانا کسی کا
ادھر کھائے غش تلملانا کسی کا

شب وصل وہ روٹھ جانا کسی کا
مزا دے گیا پھر منانا کسی کا

گراتا ہی دلپر قیامت کی بجلی
وہ منہ پھیر کر مسکرانا کسی کا

نگہ آہ کا قصد گھبرا گئے اے دل
بھلا اچھا نہیں دل دکھانا کسی کا

وہ بھولی سی صورت لڑکپن کی باتیں
ہمیں یاد ہے وہ زمانہ کسی کا

کہانتک یہ زلف آپ سلجھائیگا
ذرا دیکھیے پیچ کھانا کسی کا

مرے آگے کیا گل کھلائینگے غنچے
مجھے یاد ہے مسکرانا کسی کا

چمن میں جو گلچیں نے کچھ پھول توڑے
تو یاد آگیا دل دکھانا کسی کا

سر بزم تم اور نیچی نگاہیں
ابھی کھل گیا دل چرانا کسی کا

مرے خانۂ دل میں خلوت گزیں ہے
کسی کو ملے کیا ٹھکانا کسی کا

تمہیں عشق ہے شوق سب کہہ رہے تھے
مگر تمنے کہنا نہ مانا کسی کا

غزل

دل شوق حسینوں سے لگانا نہیں اچھا
ہو جاؤ گے بدنام ہو فسانا نہیں اچھا

ہم صاف کہے دیتے ہیں مانو کہ نہ مانو
دل عاشق بیکس کا دکھانا نہیں اچھا

رہتے ہو جو دل میں تو جگر کو نہ جلاؤ
ہمسائے کے گھر آگ لگانا نہیں اچھا

منہ سے نہ کہیں آہ جہاں سوز نکلجائے
جلتا ہو جو آپ اسکو جلانا نہیں اچھا

دل کوئی چرالے تو نہیں اسکی شکایت
آنکھیں مگر ایجان چرانا نہیں اچھا

کھلجائینگے راز آپکے اس شرم حیا سے
منہ تمھیں سر بزم چھپانا نہیں اچھا

دیکھو نہ کہیں دل کی لگی اور بھڑک جائے
بالیں پہ عدو شمع جلانا نہیں اچھا

ہم خوب سمجھتے ہیں جہاں جانے ہو جاؤ
ہر روز مگر راہ بتانا نہیں اچھا

پھر جاؤ گے جھگڑیں میں کہہ دیتے ہیں ایجان
ہر ایک کی آنکھوں میں سمانا نہیں اچھا

نازک ہیں عجب کیا کہ وہ دل تھام رہے پھر
احوال شب غم اونکو سنانا نہیں اچھا

دامن کبھی جھٹلتے ہیں کبھی کھینچتے ہیں وہ ہاتھ
اے شوق ابھی ہوش میں آنا نہیں اچھا

متروکات

جسطرح میر و میرزا نے ولیؔ و حاتمؔ کے اکثر مستعملہ الفاظ ترک کردیے تھے اوسی طرح ناسخ
وغیرہ[1] نے بھی میر و میرزا کے بہت سے الفاظ متروک کردیے جیسے اوودھر باشباع
واو بروزن دو بمعنے اِدھر مع الیا بگانہ بحذف یا بجائے بیگانہ پیاس بالظہار یا بر
وزن دیار و بمعنے پاس نین کو کے معنی ہیں تنک ٹک ذرا سے کے معنی میں دوانہ
بجائے دیوانہ ستی ۔ سوں سے کی جگہ سجن معشوق کے معنی میں کنے پاس کے
معنی میں کبھو کبھی کے مقام پر کسو کسی کی جگہ لوہو لہو کے مقام میں مکھہ بمعنی رُخ نت
بمعنی ہمیشہ نین آنکھ کے معنی ہیں مجھ پاس ۔ ہم پاس میرے پاس ہمارے پاس کی
جگہ کرے ہے کرتا ہے دھرے ہے دھرتا ہے کی جگہ آئیاں جائیاں آئیں گئیں کے
مقام پر انھیں سے اکثر الفاظ تو وجوباً متروک کردیے اور بعض الفاظ ایسے ہیں کہ کسی کبھی
کبھی استعمال بھی کیے ہیں ۔ اسکے بعد اونکے تلامذہ کا دور آیا ہوا انھوں نے کچھ لفظ ترک کیے
جیسے بگولا کہ بعض شعرا اسکو متروک کرکے بھولا استعمال کرتے تھے ۔ برق سے خاک
آلودہ جو گردش کو سر آیا اوٹھا ۔ دور سے مگر لوگ یہ سمجھے کہ بگولا اوٹھا ۔ سحر سے کس پر یہ ہونکی صحبت سے

سلہ میں نے یادگار وطن نام تذکرہ لکھا ہے جسمیں اپنی سوانح عمری اور حضرات سخن کے حالات لکھے
ہیں جا بجا ایسے فوائد عجیبہ و مباحث غریبہ لکھے گیے ہیں کہ قابل دید ہیں اسمیں متروکات کی بحث بسط کے ساتھ ہو
تین قسم کے متروکات قائم کیے گیے ہیں ۔ ایک وہ ہیں جنکو اور شعرا نے بھی ترک کیا ہے اور مولف بھی اونکا تارک ہے
دوسرے وہ ہیں جنکو اور شعرا نے تو ترک کیا ہے مگر مولف کے استعمال میں ہیں ۔ تیسرے وہ متروک ہیں جنکو خود مولف
نے ترک کیا ہے فمن شاء التحقیق فلیرجع الیہا ۱۲ ایضاح سلہ حاتم دہلوی بہت پرانے شاعر ہیں جنہوں نے سب سے
زبان اردو میں پہلے پہل اصلاح دی ہے اور اپنے عہد کے بہت سے رکیک الفاظ ترک کیے ہیں اپنے دیوان
غزلیں انتخاب کرکے ایک دیوان ترتیب دیا جسکا نام دیوان زادہ رکھا ہے اور ایک دیباچہ لگایا ہے
جسمیں اپنے متروکات کو لکھ دیا ہے حق یہ ہے کہ راستہ دکھایا ہوا اصل میں حاتم دہلوی ہی کا ہے ۔ پھر زمانے نے جوں
جوں پلٹا کھایا زبان بدلتی گئی تراش خراش بڑھتی گئی آخر اردو کا رنگ روپ کچھ اور ہی نکل آیا ۱۲ ایضاح
سلہ اس لفظ سے اس امر کا اظہار مقصود ہے کہ ناسخ کے ساتھ اور شعرا بھی زبان کی اصلاح میں شریک ہیں جب
مومن و آتش وغیرہ کا کلام بہت سی اگلی رکیک مستعملات سے پاک ہے تو میں ان لوگوں کی مصلح زبان ہونے سے کیونکر انکار کرسکتا ہوں
ہاں اوسکو مانتا ہوں کہ ناسخ مرحوم نے اسطرف زیادہ توجہ کی ہے فافہم ۱۲ ایضاح سلہ خصوصاً میر اوسط علی رشک مرحوم نے
بہت سے الفاظ متروک کیے جیسے اونکا تیسرا دیوان جو آجتک چھپا نہیں پاک ہے متروکات کے باب میں اکثر لوگ رشک مرحوم کو معتقد
اس مسئلے کی اکثر اونہیں کے متروکات ہیں ۱۲ ایضاح سلہ کسی زمانے میں بگولہ بھولا دونوں فصیح سمجھے جاتے تھے مگر اب بھولا مستعمل نہیں ۱۲ ایضاح

کہاں لایا جنوں ؟ ہر بگولا دیو ہے صحرا ہے وحشت ناک کا۔ پھر زمانے نے پلٹا کھایا کہ ہمارے
وقت کے شعرا کا ڈنکا بجا۔ ان لوگوں نے اپنے پیشتر کلام میں وہی پرانے الفاظ استعمال
کیے ہیں مگر فی زمانہ بہت سے الفاظ حتی الوسع استعمال نہیں کرتے اور بہت سے الفاظ وجوباً
ترک کر دیے آپہی پیشتر آپ ہی کی ہے گویا کہ آپہی بجاے مخلوط التلفظ استعمال کرتے
تھے۔ اب احتیاط رکھتے ہیں آخرش بجاے آخر ذوقؔ ع آخرش دیکھا تو اعلم
حجاب الاکبر ؛ عاقبت پایا تو اہل بلا کو اہل جنت۔ فصحاے حال احتیاط رکھتے ہیں آنکھے آگے کی
جگھ۔ مومنؔ ع قتل کیا آنکے اچھا کیا سحرؔ ع قبر پر اب کیا کرینگے آنکر ؛ اکثر فصحاے
حال استعمال نہیں کرتے آئے بکے جیسے ایکے دفعہ ایکے برس۔ عوام بیاے معروف بھی بولتے
ہیں مگر صحیح بیاے مجہول ہے تسلیمؔ ع کوچے میں ترے ضعف کا یہ زور ہے ایکے ؛ بیٹھ جاتے
ہیں ہم سایہ دیوار سے دبکے آز جہار اسکے مدخول علیہ کے بعد اسکا ترجمہ سے لاسکتے ہوں
اکثر خواص احتیاط رکھتے ہیں جیسے ع روزن چشم کم از روزن دیوار نہیں ؛ اسکی عوض
روزن دیوار سے کم نہیں کہنا چاہیے استظاری بزیادت یا غیر فصیح ٹھہرا ہوا ہے
اندارا چاہ عریض و زیر ع روزن مور مری آنکھوں میں اندارے ہیں۔ اکثر فصحاے
حال استعمال نہیں کرتے اندھیارا اندھیرے کی جگہ بالکل متروک ہے انکھڑیاں
آنکھوں کے معنی ہیں۔ آتشؔ ع اون انکھڑیوں میں اگر نشہ شراب آیا ؛ سلام جھک کے
کرونگا اگر حجاب آیا۔ اکثر فصحاے حال استعمال نہیں کرتے اوپر جہاں صرف پر کافی ہے جیسے ع
عجب صدمہ ہوا ہے دل کے اوپر۔ فصحاے حال استعمال نہیں کرتے البتہ ایسے مقام پر کہ فلاں
چیز اوپر ہے کچھ مضایقہ نہیں اوجیالا فصحا نے ترک کر دیا ہے اسکی جگہ اوجالا استعمال کرتے ہیں
اور بعض فصحا او نہیں گراتے ہر جگہ اور بر خلاف نور استعمال کرتے ہیں اہل اسکا اطلاق
شخص واحد پر جیسے تم اہل ہنر ہو اساتذہ کے کلام میں جا بجا آگیا ہے مگر بعضے اس

سلہ اس قسم کے غلط الفاظ بحث متروکات میں تغلیباً داخل کیے گیے ہیں ۱۲ الیضاح سے۲ دفعہ مونث
ہی اور برس مذکر ان دونوں مثالوں سے اسکی طرف اشارہ ہے کہ مونث و مذکر دونوں کے ساتھ یہ لفظ بیاے مجہول
صحیح ہی جناب جلال نے بھی اس لفظ کو بیاے مجہول لکھا ہے حضرت امیر لکھنوی سے جو دریافت کیا تو ادہوں نے لکھا کہ
ایکے ہر جا نفیس ہے استادی حضرت تسلیم لکھنوی نے بھی یہی کہا مگر صاحب نے لکھا کہ مونث کیساتھ بیاے معروف اور مذکر کیساتھ
بیاے مجہول مثلاً ایک سلی آیا ایکے جھونک کہنا چاہیے اور ایکی فصل سے بیاے معروف کہنا چاہیے انتہی نا فہم سے اس قید سے ... خارج ہو گئے ۱۲

سے احتیاط رکھتے ہیں اور اسکے بدلے صاحب ہنر وغیرہ استعمال کرتے ہیں
بل ~~بیلے~~ جیسے ع بل بے اے زلف رسائی تیری ۱؎ اکثر خواص نے ترک کر دیا ہی
بن بمعنی بغیر جیسے ع یار بن کیلول لگے گلزار میں ۲؎ بالکل متروک ہی مینچ میں کی جگہ ع
ٹھہرو تو تیری زلف رسا کا ختن کے پیچ ۳؎ بالکل متروک ہی یا بوسی بزیادت یا انتظاری کی طرح
بھی غیر فصیح ٹھہرا ہوا ہے بمعنی لیکن جیسے ع وعدے کیے لاکھوں پر نہ آئے ۴؎ بعض فصحا
نے ترک کر دیا ہی پن اسکی ترکیب فارسی لفظ کے ساتھ جیسے دیوانہ پن وغیرہ بعض فصحائے
حال احتیاط رکھتے ہیں اور اسکو صرف ہندی لفظ کے ساتھ ملحق کرتے ہیں جیسے بھولا پن
بچپن لڑکپن بانکپن وغیرہ پنہا نا نون مخلوط الہا کے ساتھ بعض خواص استعمال نہیں کرتے
اسکی جگہ پہنانا باندھتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ قاعدے کے رو سے یہی چاہیے کیونکہ پہنانا میں
نون کے پہلے ہے یہ بحذف ہا ہے ۵؎ اگرچہ اکثر شعرا ہنوز استعمال کرتے ہیں مگر بعض
فصحانے وجوباً ترک کر دیا ہے پیالا دعوت مخصوص کے معنی میں یا ہے مخلوط التلفظ کو
ہے تلمیح سے پیالا مجھ آزاد کا بھر بھرکے ساقی ۶؎ نہیں میرا پیالا ہوا چاہتا ہی ۷؎ نسیم دہلوی مرحوم

۱؎ مگر مولف ادب سے متفق نہیں کیونکہ اہل بمعنی صاحب ~~فصیحوں~~ کے کلام میں بکثرت آگیا ہی چنانچہ خیابان میں
خان آرزو نے لکھا ہی کہ اہل بمعنی صاحب آید و گاہی بمعنی صاحبان [illegible] اہل مقرر ہستند اید۔ انتہی غرض اردو میں برابر
مفرد بھی مستعمل ہوتا ہی پھر ترک کی کوئی وجہ نہیں بلکہ بعض جگہ اسکے عوض لفظ صاحب وغیرہ برے معلوم ہوتے ہیں
۱۲ ایضاح ۲؎ جناب [illegible] مرحوم نے تذکرہ جلوہ خضر جلد دوم میں لکھا ہی [illegible] کے استدراک
بھی پہلے مستعمل تھا مگر اب متروک ہو چلا ہی دیکھو رسالہ اصلاح مولوی [illegible] شوق نیموی انکے کلام سے بھی
مولف کہتا ہی کہ فی الواقع پر بمعنی لیکن بکثرت مستعمل تھا استادی جناب شمشاد لکھنوی جنکو متروکات کا بہت
خیال ہی انکے دیوان اول میں جنکا نام خزانۂ خیال ہی یہ لفظ موجود ہی اور مولف بھی پہلے اس لفظ کا تارک تھا
مگر رسالہ اصلاح کی وجہ سے جب سے لوگ احتیاط کرنے لگے تب سے دونوں سے جناب شمشاد کو بھی احتیاط
ہی تو مولف کی بھی وجہ جواز ترک کر دیا ۱۲ ایضاح ۳؎ [illegible] یہ کہ ہندی لفظ کیساتھ فارسی لفظ کا
[illegible] ٹھیک نہیں کیونکہ [illegible] ایسے الفاظ جیسے [illegible] مستعمل ہیں اور دیوانہ
پن میں کوئی ثقل بھی نہیں تو اسکے استعمال میں کوئی مضائقہ نہیں ۱۲ ایضاح ۴؎ جناب جلال لکھنوی اپنے رسالہ
مفید الشعرا میں [illegible] کی نسبت لکھا ہی کہ یہ زبان متقدمین کی ہی متاخرین کی زبان پر پہنانا ہی لفظ پا ہی فارسی و [illegible]
[illegible] یہ زبان اردو میں بصورت نافیہ کو صحیح قرار دیا ہی مگر مولف کے نزدیک دونوں صحیح و مستعمل ہیں بلکہ پہنانا
متقدم نون ہی فصیح ہی اور جناب خورشید لکھنوی نے بھی رسالہ افادات میں لکھا ہی کہ پہنانا کا پہنانا کے وزن پر
میرے نزدیک خوب نہیں ہی کیونکہ میں نے فصحائے حال کی زبان سے جب سنا ہی پہنانا نون مخلوط الہا کے ساتھ
سنا ہی ۱۲ ایضاح ۵؎ مولف بھی پر کے بدلے پہ استعمال نہیں کرتا ۱۲ ایضاح۔

پیالے سے کیا اصل فقیری ترک دنیا ہے ؎ ہمارا ہاتھ کیا کم ہے ہمیں کاسہ گدائی کا۔ اور ظرف معروف کے معنی ہیں اگرچہ پیالے مخلوط آگیا ہے مگر چونکہ اصل میں بالمہادیا ہے اکثر فصحاے حال پیالے مخلوط استعمال نہیں کرتے پیر پاؤں کی جگہ فصحاے حال استعمال نہیں کرتے تب جب شعر طلبہ کے مقابلے میں تب چلیے ہیں ؎ جب سنتے ہیں وہ حالت بیمار جدائی تب کہتے ہیں جھنجھلا کے کہ مر بھی نہیں جاتا ؎ بعض شعرا استعمال نہیں کرتے تلک بجاے تک اکثر خواص نے ترک کر دیا ہے تلے نیچے کے معنی میں ؎ ہیں خلد کے سایے میں کہ خنجر کے تلے ہم ؎ اکثر فصحاے حال نے ترک کر دیا ہے تو بواو مجہول۔ اسمیں اظہار واو اچھا نہیں اور اگر آخر مصرع واقع ہو تو اور بھی مکروہ ہے جیسے ع مری جان اب غضب ڈھاتے ہو تم تو ؎ جیوں[1] بمعنی مانند جیسے ع دل مرا جیوں غنچہ سر بستہ ہے بعض خواص استعمال نہیں کرتے حرکت جب کہ اضافت وغیرہ کے سبب سے متحرک نہو ساقط الحرکت پر فصیح ہے خود رفتہ شعراے اردو نے استعمال کیا ہے۔ مومن ؎ دوا سوچے تب دل تفتگی سے ؎ خبر رکھے مری خود رفتگی سے قلق ؎ بخبر انجام ہی جکا وہ ہی خود رفتگی اپنی ؎ چلے تھے ہم کلیسا کیطرف کعبے کو جا نکلے و لہ یار خود رفتہ ہے تو شکوہ ہے فراموش مجھے ؎ گوش کر او سکو ملے ہیں لب خاموش مجھے ؎ اور از کے ساتھ بیشتر آیا ہے ناسخ ؎ ملگیا محبوب سے جو آپ سے باہر ہوا ؎ ایسی از خود رفتگی کیا ہے لہذا وہ دور کا ؎ آتش ؎ ہے غرور حسن وہ روز ہ سے از خود رفتہ یار ؎ اسقدر بھی نشہ معجون آب و گل نہو وزیر ؎ لطف از خود رفتگی گر دیکھنا منظور ہو ؎ منہ دکھا دو آئینہ آب رواں ہو جائیگا قلق ؎ کوئی بولی کہ ہے زخود رفتہ ؎ کوئی بولی کہ ہے جگر تفتہ ؎ امیر ؎ جاتے ہیں بیٹھا عالم سے ہم سوے عدم ؎ کہدو از خود رفتگی سے بے ارادہ دور کا تسلیم ؎ زخود رفتہ تنگدستی رہے خراب مئی فاقہ مستی رہے۔ جلال ؎ آپ سے آپ نہ خود رفتہ ہوا جاتا ہوں ؎ نہیں معلوم کہ میں آج کسے یاد آیا ؎ بہرکیف چونکہ یہ فارسی محاورہ ہے اور فارسی

---

[1] مگر یہ جمہور شعرا کے خلاف ہے ؎ ہاں جہاں نظم میں برا معلوم ہوتا ہو جیسا کہ مثال کے شعر میں واقع ہوا ہے تو احتیاط چاہیے ؎ ایضاح [2] جیوں کے بدلے متوسطین نے جوں بحذف یا و علم تحیم استعمال کیا ہے لیکن متاخرین کے نزدیک دونوں متروک ہیں مگر اور معنوں میں متروک نہیں جیسے ع جوں جوں کٹتی ہے ہجر کی رات ع عمر جوں توں گذر گئی اپنی۔ ایضاح۔

ہیں ازکے ساتھ مستعمل ہے اکثر فصحاے حال ~~کیے~~ ازکے استعمال نہیں کرتے **زور** بمعنے
عجیب و بسیار۔ ناسخ ع ابتو ناسخ زور رندلا۔ بالی ہوگیا ولہ اے فلک زور انقلاب ہوا۔
فی زمانناً متروک ہے **سدا** بمعنی ہمیشہ اچھے لوگوں میں سے اب کہیں وہ ایک استعمال کرتے
ہیں ورنہ اکثر لوگوں نے وجوباً ترک کردیا ہے **سرپرست** اُردو میں مربی کے معنوں میں
بہت مستعمل ہے مگر چونکہ فارسی میں اسکے معنی خادم کے ہیں اسوجہ سے بعضے احتیاطاً ترک کرتے
ہیں **سن** بالفتح بمعنی بِنہ اسکے عربی یا فارسی ہونے میں تو تامل ہے از احسنۃ الاغلاط میں اسکی
تحقیق اچھی طرح لکھی جاچکی ہے البتہ محاورہ اُردو ہونے میں کوئی شک نہیں ہے
سمیت ساتھ کے معنی میں رشک ہے آہ سوزان سے جلادونگا میں انہار سمیت
باغ جنت میں نہ جاونگا اگر یار سمیت فی زمانناً اکثر فصحا استعمال نہیں کرتے **سو** کو بعضوں
نے ترک کردیا ہے مگر میرے نزدیک بعض جگہ یہ لفظ بجان فصاحت ہے جیسے جو ہو سو ہو
عادی عادت گیرندہ کے معنی میں استعمالاً صحیح ہے وزیر ہے تیغ ابرو کی زبان عادی
ہوئی بات سیدھی بھی جو کی ٹیڑھی ہوئی۔ نواب مرزا لکھنوی ہے ہم تو دشمن ہیں جعلسازی
کے آپ عادی ہیں رنڈی بازی کے۔ مگر چونکہ لغتہً اسکے کچھ اور معنی ہیں اسوجہ سے بعض کچھ
احتیاط رکھتے ہیں **سے** کیونکر کے معنی میں اکثر خواص نے وجوباً ترک کردیا ہے گو بجا ہو
اگر بعضوں نے وجوباً ترک کردیا ہے **گھایل** چونکہ یہ لفظ قائل و مائل و سائل وغیرہ کے
ایسے اسم فاعل سے ملتا جلتا ہوا تھا شعراے سلف بکسر یا باندھا کیے ناسخ و آتش وغیرہ
بھی اُنھیں اونہیں کے تبع رہے۔ لیکن چونکہ کسرہ خلاف قاعدہ تھا کیونکہ یہ لفظ مرکب
ہے گھاو سے اور یٰ سے جو فاعلیت کے معنی پیدا کرتا ہے۔

سلف اور ہمعصر خود و رفتہ بغیر ان کے کلام اساتذہ فارسی میں پایا نہیں جاتا شاید کسی نے استعمال کیا ہو والعلم
عند اللہ ۱۲ ایضاح سلف اور متوسط کو اردو میں از خود و رفتہ اچھا معلوم نہیں ہوتا اور بوجہ ترک کرنے محققین کے
صرف خود رفتہ کا استعمال بہت احتیاط رکھتا ہے لہذا اس لفظ ہی کو ترک کر کے اسکے عوض وارفتہ استعمال
کیا کرتا ہے ۱۲ ایضاح سلف مگر میرے نزدیک اگر ترکیب فارسی مستعمل ہو تو بمعنی مربی استعمال کیا جائے
ورنہ کچھ مضایقہ نہیں کیونکہ محاورہ اردو میں خادم کے معنے کی بو بھی نہیں پائی جاتی کہ پہلوے وہم پیدا ہو
سلف ہیں اگر اردو میں نظم کریں تو ترکیب فارسی سے احتیاط رکھیں ۱۲ ایضاح سلف یہ اشارہ ہے حضرت جلال
لکھنوی کے اس قول کی طرف کہ ثقات شعراے اردو زبان کے کلام بھی مستعمل نہیں پایا کہ جسکو سند قرار دیں ۱۲ ایضاح
سلف یعنی وہ چیز جسکی عادت کیجاے ۱۲ ایضاح سلف مگر میرے نزدیک اردو میں جہاں ترکیب فارسی ہو عادی بمعنی عادت
گیرندہ کچھ مضایقہ نہیں کیونکہ سیکڑوں الفاظ عربیہ و فارسیہ کے معنی زبان ہندی تصرف کیا ہے تو اوسیں اگر یہ تصرف بھی
رکھا جاے تو کیا نقصان ہے ۱۲ ایضاح

جب پہلا جزو ساکن[1] الآخر ہوتا ہی تو یل کے یے مفتوح ہوتی ہے اڑیل بٹریل خفیل ہریل
وغیرہ اور لہجے کی یہ حالت تھی کہ جو حضرات اساتذہ کا کلام دیکھا کرتے تھے اونکی زبان
پر وہی بکسر یا چڑھا ہوا تھا مگر جنکو شعر و سخن سے چندان تعلق نہ تھا اور لکھنو کے خاص
اہل زبان سمجھے جاتے تھے اونکا لہجہ بفتح یا تھا اس سبب سے بعض[2] خواص نے اسکی
اصلاح کی اور کسرے کو فتحے سے بدل دیا۔ اوسی زمانے سے اکثر فصحا گھایل بکسر یا ہمزہ اختیار
لکھتے ہیں مرآۃ الغیب۔ نظم ارجمند۔ گلزار داغ۔ شاہد شوخ طبع۔ کرشمہ گاہ سخن۔ یہ سب
دیوان دیکھو اول و مائل کی غزلوں میں گھایل کا قافیہ نیا و گے۔ فی زمانا اس لفظ کے اعتبار
سے شعرا کے تین فرقے ہیں ایک اون لوگوں کا فرقہ ہے جنکو اس واقعہ کی کچھ خبر ہی
نہیں وہ کسرے کے سوا فتحہ کیا جانیں دوسرا وہ پرانی لکیر کے فقیر نظم رحیم کے اعتقاد
ہوے لوگوں کا فرقہ ہے جو اس اصلاح سے ناک بھوں چڑھاتے ہیں تیسرا وہ فرقہ ہے جو
اس تصرف کے مستحسن ہونے کا قائل ہے بحر بفتح کی سند ملاحظہ ہو۔ بحر مرحوم سے یہ
دی ہے بسمل تو نے کہ دل میں ہے یہی کل سے ہر کہ دھو کر زندگی سے ہاتھ پوچھوں تیرے گھایل
سے ستم کیا کیا نہ ہوگا اوس قمر طلعت کی کشتی پر کرے گی چاندنی اب ناز معشوقانہ گھایل سے
قولہ باغ میرا ہوا برباد جو بادل آئے پتھروں کی ہوئی بوچھار اگر پھل آئے تیرے دیدار
کی حسرت نے چھری پھیری ہے یوں تڑپتے ہوئے ہم آئے کہ گھایل آئے۔ تسلیم لکھنوی
سے گمان کیونکر نہو خلد برین کا صحن مقتل پہ تصدق ہوتی ہیں حوریں ترے خنجر کے گھایل پر
ولی لکھنوی سے تیغ قاتل تری بڑی ہلکی حسرتیں کیوں نہ روئیں گھایل کی اشرف لکھنوی
سے روح نکلی تن سے جب بیکل ہوئی یوں شب فرقت کی مشکل حل ہوئی دید کی حسرت
رہی دلمیں مرے تیغ ابرو سے نظر گھایل ہوئی۔ مصحفی بجاے نہ ناسخ ہی کے زمانے میں کم
مستعمل تھا فصحاے حال نے تو چوبا ترک کر دیا ہی موسم بفتح سین تصرفات سے ہے غلط نہیں ہو سکتا فارسی اردو

---

[1] اور اگر پہلا جزو متحرک ہوتا ہے تو اس یے کو ساکن کر دیتے ہیں جیسے کھیریل ۱۲ ایضاح [2] یعنی شیخ امداد علی بحر مرحوم جو ناسخ مرحوم کے ارشد تلامذہ تھے ۱۲ ایضاح [3] یہ اشارہ ہے جلال لکھنوی کے اس قول کی طرف کہ بعض ... ہے وہ کہ کتب لغت میں بفتح ثالث آیا نہ فارسیوں کے اشعار میں قافیہ عم و الم میں پایا ۱۲ ایضاح [4] محمد خلیل عجب مازندرانی نے اپنے قصیدے میں جسکا مطلع یہ ہے سے نو روز خوش و بہار خرم آمد بہشت عدن باہم یہ شعر کہا ہے سے یا ساقی ... برخیز بموجب تقاضاے موسم اور ذوق دہلوی نے کہا ہے سے بے یار روز عید محرم سے کم نہیں جام شراب عید ... سے کم نہیں زیبا ہے گر و زرد یہ کیا اشک لالہ گوں اپنی خزاں بہار کے موسم سے کم نہیں ۱۲ ایضاح

دونوں میں آگیا ہے البتہ چونکہ لغتہً کسرہ چاہیے فصحاے حال احتیاط رکھتے ہیں میّت
بفتح یاے مشدّدہ استعمال صحیح ہے نظم اردو میں کئی جگہ تربت وغیرہ کے قافیوں میں آگیا ہے
مگر چونکہ قاعدے کی رو سے کسرہ چاہیے فصحاے حال احتیاط رکھتے ہیں نشّا بحرکت دوم
شعرا نے استعمال کیا ہے۔ ذوق دہلوی ؎ رات میخانے میں ساقی جو نشے میں بہکا
حسن شیشہ کو لگا کہنے حسن جام شراب۔ رند ؎ مے حسن کی کیا ہو میں تر نگیں نشے رند نے کیا
او تارے تمہارے۔ بعض حضرات جو اسکو بالکل غلط بتلاتے ہیں صحیح نہیں یہ اردو کا محاورہ
ہے اور بعض حضرات جو یہ کہتے ہیں کہ جب ترکیب فارسی ہو تو بالتحریک ہی فصیح ہے
یہ بھی قابل اعتبار نہیں شیخ صاحب کے زمانے سے لیکر آجتک جتنے نامی شعرا ہوئے
ہیں اونکے کلام کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ چونکہ فارسی میں اسطرح آیا ہے ان لوگوں نے
بھی احتیاط کی ہے اور جسطرح فارسی میں مستعمل ہے اوسیطرح یہ لوگ بھی صحیح سمجھے ہیں سے لے
بجاے نہ جیسے ع ہے کوئی یار ہے نہ کوئی غمگسار ہے۔ اکثر فصحا نے وجو باترک کردیا ہے وصلت
بجاے وصل بعض شعرا نے ترک کردیا ہے واں۔ یاں دہاں یہاں کی جگہ محض غیر فصیح ہے
اکثر شعرا نے ترک کردیا ہے جگہا۔ رکھا۔ لکھا بتشدید کاف فصیح ٹھہرا ہوا ہے بیٹھے
و بجے بیٹھے لیجے رکھیے کی ایک بے گرانا اور بروزن فعلن استعمال کرنا غیر فصیح ٹھہرا ہوا ہے
جیسے ؎ جی جاتا ہے کہ سیر دشت کیجے ؛ ہے ابر شراب ناب پیجے بتلانا دکھلانا لام
کے ساتھ بتانا دکھانا کی جگہ غیر فصیح سمجھے جاتے ہیں دلا زاہدا ساقیا وغیرہ بالف ندا جو
پیشتر بکثرت مستعمل تھے اب غیر فصیح ٹھہرے ہوئے ہیں اے دل اے زاہد اے ساقی
استعمال کرنا چاہیے کہنا اسم بعض مشتقات ہیں لے علاوہ فاعل لانا درست ہے آتش ؎

سلہ اور بعضوں نے جو بحرکت شین استعمال کیا ہے وہ بھی قبیل نشا تو ہے ۱۲ ایضاح ؎ مگر میں متفق نہیں کیونکہ وصل
اور وصلت دونوں فصیح معلوم ہوتے ہیں وصلت میں کسی قسم کی خرابی نہیں پھر ترک کرنیکی کیا وجہ ۱۲ ایضاح ؎
حضور شک کے متقدمین نے نظم ترک کر دیا ہے مولف نے آجتک یہ الفاظ استعمال نہیں کیے اسوقت انکا تارک ہے ۱۲ ایضاح
؎ بس حتی الوسع بالتشدید ہی استعمال کرنا چاہیے مگر بضرورت بتخفیف بھی بے تکلف استعمال کر سکتے ہیں کیونکہ انکا اسد
اسیطرح پہ متروک نہیں ۱۲ ایضاح ؎ مگر لام کیساتھ بھی استعمال کرتے ہیں چنداں مضائقہ نہیں میر مرحوم نے جنکو متروک کا بہت
خیال تھا لام کیساتھ استعمال کیا ہے اونکا مصرع ہے ع وگرنہ لطف دکھلانا مضامیں گر بیاں لکا ۱۲ ایضاح ؎ مگر کہنا
لام ہی کیساتھ فصیح ہے اسکی عوض کہنا جیسا کہ بعض حضرات نثر تک میں استعمال کرتے ہیں محض غیر فصیح ہے ۱۲ ایضاح

عشق اوس چاہ زنخداں کا ہوا جسدن سے ؏ میں نے سمجھا کہ لحد میں دل بیتاب اوترا ؏
ولہ نسبکہ تھی اُس سے عیاں سینۂ عارف کی صفا ؏ چہرۂ یار کو میں نے دل روشن سمجھا ؏
مگر بحذف نے فصیح ہے جیسے میں سمجھا ہم سمجھے **احباب اغیار** یہ دونوں لفظ خود جمع
ہیں اسکی جمع احبابوں اغیاروں جو اکثر عوام لکھا کرتے ہیں اور بعض شعرا بھی استعمال کرتے
ہیں فصحای حال جائز نہیں رکھتے ہا علامت جمع ہی جیسے ؏ داغہاے عشق روشن
ہوگئے ؏ حتی الوسع اس سے احتیاط چاہیے اور فعل وغیرہ سے جمعیت ظاہر کرنا چاہیے
جیسے ؏ میرے داغ عشق روشن ہوگئے ؏ **یاے معروف** آخر کلمہ مشدد استعمال کرنا
غیر فصیح ہی جیسے ؏ کہوں کیا حال بیتابی دل کا ؏ **جان ۔ خون ۔ دین** اس قسم
کی فارسی الفاظ جو محاورۂ اردو میں باعلان نون بولے جاتے ہیں جب انکی ترکیب بطور فارسی نہیں
رہتی تو بعض شاعر باعلان نون ہی استعمال کرتے ہیں چنانچہ منیر مرحوم نے کہا ہے
منیر اسیر ہوں پابندی عطف و اضافت سے ؏ دگرنہ لطف دکھلاتا مضامین
گریبان کا ؏ چونکہ وہ اعلان کے پابند تھے گریباں بغیر عطف و اضافت نہیں لا سکتے
تھے کیونکہ نون کا اعلان کرنا پڑتا فصحاے حال اسکا خیال تو رکھتے ہیں اور اعلان بہتر
سمجھتے ہیں مگر چونکہ اس قسم کے سیکڑوں الفاظ ہیں اور بیشتر اونکے استعمال کی ضرورت پڑتی
ہے اعلان کی رعایت سے خواہ مخواہ مضمون کا خون نہیں کرتے چنانچہ یہ اشعار حال کے ہیں ۔ امیر
کھوئے ہوئے جوڑا تجھے ایجان نہیں دیکھا ؏ اس بانکپن سے سنبل کو پریشان نہیں دیکھا ؏ تسلیم
لکھنوی حسینوں میں ابھی چھوڑ گیا دل ؏ ہیں کسکا نام لوں اپنی زباں سے ؏ جلال لکھنوی
جو سینے سے خود ہی نکل آتا ہے تڑپ کر ؏ اوس دل کا نکلتے ہوے ارماں نہیں دیکھا
داغ کیا پوچھتے ہو کون ہے یہ کسکی ہے شہرت ؏ کیا تمنے کبھی داغ کا دیوان نہیں دیکھا ؏

---

[1] اسیطرح اسرار کے بدلے اسراروں درست نہیں ۱۲ الفصاح [2] اس قید کا فائدہ یہ ہی کہ جب ترکیب فارسی
ہو تو اعلان جیسا کہ کلام ذوق دہلوی میں جا بجا ہے جائز نہیں جب فارسی ترکیب ہی تو فارسیوں کا اتباع چاہیے
اور وہ اس قسم کے الفاظ اعلان کیساتھ نہیں باندھتے اور ایک آدھ جگہ جو انکے کلام میں باعلان پایا جاتا ہی یا تو وہاں
یہ سہو کاتب ہی یا من قبیل شاذ سمجھا ہم ۱۲ الفصاح [3] بلکہ وہ لوگ جنکو اعلان پر بہت اصرار ہی اونکے دیوان میں
بعض جگہ نون غنہ مستعمل ہی چنانچہ استادی حضرت شمشاد لکھنوی جنکو متروکات سے نہایت ہی احتیاط ہے
اعلان کیباب میں بڑی کد رہتی ہی اونکے دیوان خزانۂ خیال میں یہ اشعار موجود ہیں آرزوی وصل ہے
جیسے بالکل فضول ؏ بوسہ دیجیے یہی جو رضی کسی عنوان نہیں بعد مردن بھی کفن سے دل کی قید لباس
کی دیدی ذمیں حال میں عریان تجھے ؏ مولف بھی وجوبا اعلان نون کا پابند نہیں ۱۱۲ الفصاح

اور جو الفاظ ایسے ہیں کہ روزمرے میں بہ نون غنہ بولے جاتے ہیں اونکا اعلان [illegible] مگر
جیسے عریاں ونداں آشیاں رضواں وغیرہ۔ فارسی لفظ سے واو معروف وا یا الف
آخر کا گرانا شیخ صاحب ہی کے زمانے سے معیوب سمجھا جاتا ہے جیسے ع پہلو میں [illegible]
مراہی یا سیماب ع آ دا اے یار تیری بھائی ہے۔ مگر یائے آخر کلمہ فارسی اکثر شعرا نے گرا[ئی]
ہے۔ مومن ؎ خنجر بھی آلی یا زبان تھی۔ خنجر سے زیادہ تر رواں تھی۔ ناسخ ؎ سودائیاں
کی قفس جانے میں لیکن۔ وحشی ہوا آدمی کے جنگل کا۔ و لہ کام خونریزی ہے اوس
بازاری کا۔ جان بیچے سو کرے قصد خریداری کا۔ آتش ؎ شہر میں قافیہ پیمائی بہت ہے
کی آتش۔ اب ارادہ ہے مرا بادیہ پیمائی کا۔ منیر ؎ کب دل مرا تقریر سے کھٹا نہیں کرتے
تم اپنی ترشروی سے چوکا نہیں کرتے۔ اسیر ؎ رسوائی ہوئی تیری ہی اے ترک ہمیں
کیوں لاشِ ہماری سر بازار نکالی۔ و لہ حال ہشیاری کا بیداردلوں سے پوچھو۔ ہمتو غافل
رہے غافل گئے غافل آئے۔ البتہ اکثر فصحائے حال نے وجوباً ترک کر دیا ہے۔

املاے بعض الفاظ

اژدہام زے اور چھوٹی ہے سے لکھنا غلط ہے ازدحام زای تازی و حاے حطی سے لکھنا
چاہیے اکسیر کو اکثیر ثے سے لکھنا محض غلط ہے اوس اور وہیں متقدمین برابر واو
کرتے تھے مگر متاخرین کبھی واو کو حذف کر کے الف پر پیش دیا کرتے ہیں مگر میرے نزدیک
واو کیساتھ لکھنا اولےٰ ہے برات کو بارات لکھنا صحیح نہیں پاؤں اسکا املا مختلف
فیہ ہے دلی والے پانو لکھتے ہیں اور ردیف واو میں لاتے ہیں اور لکھنو والے پاؤں
لکھتے ہیں اور ردیف نون میں داخل کرتے ہیں اور بعضے پانوں بھی لکھتے ہیں یعنی واو
کے بعد نون لکھتے ہیں۔

۱؎ اور الفاظ ہندیہ سے اسقاط حروف علت معیوب نہیں مگر بعض شعرا لفظ ہندی سے بھی الف نہیں گرا[تے]
اور بعضے لفظ کا کو مستثنے کر لیتے ہیں باقی الفاظ سے نہیں گراتے مگر مجھے سخت تعجب ہے کہ یہ حضرات ا[لف]
الف سے تو احتیاط کرتے ہیں مگر یے اور واو کو مجہول ہوں یا معروف بے کھٹکے گرا دیتے ہیں اگر نہ گرائیں تو
علت میں سے کسی کو نہ گرائیں الف کی تخصیص چہ معنی دارد۔ بہرکیف مولف الفاظ ہندیہ سے حروف علت الف
یا واو یا یے گرانا جائز رکھتا ہے۔ ہاں جہاں کہیں بیچ کے گرانے سے نظم میں ثقل پیدا ہو جاتا ہو وہاں گرانا معیوب سمجھتا ہے [illegible]
۲؎ مولف ہی نہیں گراتا بلکہ اکثر دیکھا کہ جہاں کسی نے فارسی لفظ سے یے گرائی لوگ عیب فاحش سمجھنے لگے بلکہ غلطی پہ محمول کرنے لگے

تپ بخار کے معنوں میں ہے اسے ہند ہے فارسی میں تب بروزن لب بباے تازی
ہے جہاں ترکیب فارسی ہو وہاں باے تازی سے لکھنا چاہیے **نغمہ** غلط ہے تمغا چاہیے
توتیا اور **تلا** ظلم کو طیطیا اور طلا ظلم طوے سے لکھنا غلط ہے **ٹھنڈ** یا دال ہندی مخلوط الہا کو
لکھنا صحیح نہیں ٹھنڈا بغیر ہاے مخلوطہ چاہیے دال ہندی کی ردیف میں آتش نے کہا ہے ؎
بندے سکیگی زمستان میں محکو ایذا ٹھنڈ یا لپٹ کے سوئے گا وہ گل رہیگی تنہا ٹھنڈ **خرد**
خرسند خرم میں واؤ لکھنا درست نہیں **داوات** دال کے بعد الف غلط ہے دوات
بروزن نبات صحیح ہے **دہو کھا** کاف مخلوط الہا کے ساتھ غلط ہے دہوکا بغیر ہاے مخلوط
صحیح ہے **ڈانکا** عوام نون سے لکھتے ہیں اور سحر مرحوم نے بھی خندان کا افشان کا کی زمین
میں یہ شعر لکھا ہے ؎ جلا کر ٹھوکروں سے نقد دل مردوں کے لیتے ہیں سحر شہر خموشاں
میں بھی اب پڑنے لگا ڈانکا مگر ڈاکو میں نون نہونا ڈاکے کے بے نون ہونے پر
دلالت کرتا ہے۔ اسکے علاوہ نون جمہور شعرا کے خلاف ہے واجد علی شاہ کے زمانے
میں اس لفظ کی بحث آپڑی تھی فلق برق قبول طور آسیر ایسے [illegible] شعرا موجود تھے
سب نے اتفاق کیا کہ اسکو بے نون لکھنا چاہیے **ڈوپٹا** دال ہندی سے غلط ہے دوپٹا
دال فارسی سے لکھنا چاہیے **دوکان** واو کے ساتھ غلط ہے دکان بغیر واو مع تشدید کاف کے
ہے اور بالتخفیف بھی جائز ہے **دونون** کے بدلے دونو بغیر نون صحیح نہیں [illegible] بالمعنی اندلن ذال
سے لکھنا چاہیے [illegible] اسے ہوز سے **سوچ** کو متقدمین نون سے لکھا کرتے تھے ایک
جگہ چونچ کے قافیہ میں بھی نظر سے گذرا ہے مگر فی زماننا اکثر سوچ بغیر نون لکھتے ہیں طیار
کو کوئی طاے حطی سے لکھتا ہے اور کوئی تاے فوقانی سے مگر طا کو ترجیح ہے **عاشورہ** بہاے مختفیہ
غلط ہے عاشورا الف کے ساتھ چاہیے **عندلیب** بے سے غلط ہے عندلیب باے

---

(۱) موید الفضلا میں لکھا ہے کہ تب علتی ست معروف کہ تبالرزش نیز خوانند و بابائے فارسی غلط ست
۱۲ ایضاح (۲) کیونکہ شعرا نے اسکو بہا دواں وغیرہ کے قافیہ کے ساتھ استعمال کیا ہے۔ اور اسکے اخوات یعنی
نون جاروں وغیرہ میں بھی نون ہے ۱۲ ایضاح (۳) مگر تعجب ہے کہ جناب جلال لکھنوی نے سرمایہ زبان اردو میں
دال کی تغلیظ اور زاے ہوز کی تصحیح کی ہے اور وجہ یہ لکھی ہے کہ ذال معجمہ کا وجود بجز فارسی میں بعض محققین کے نزدیک
نہیں ہے تو کلمات ہندیہ میں کیونکر مستعمل رکھا جائے میں کہتا ہوں کہ یہ لفظ ہندی الاصل نہیں بلکہ ہندی
کا اصل زدرہ ہے زاے مشددہ کو مخفف کر کے ہاے مختفیہ کو الف سے بدل دیا ہے ہند الفاظ میں
حروف عربیہ کے ہونے سے کسی کو انکار نہیں ۱۲ ایضاح۔

تازی سے چاہیے **عید اضحیٰ** غلط ہے عید اضحیٰ چاہیے **کھاری** کی یے اصلی ہے مذکر
اور مؤنث دونوں کے ساتھ یہ لفظ یکساں مستعمل ہوتا ہے جیسے کھاری کنواں کھاری پانی کھاری
شے مگر بعض لوگ غلطی سے مذکر کے ساتھ کھارا استعمال کر جاتے ہیں جیسے کھارا کنواں کھارا
پانی **کُلّہ** کو اکثر حضرات کلہ بلام مخلوط الہا لکھتے ہیں یہ غلط ہے بغیر ہائے مخلوط صحیح ہے **کلیجہ** بہائے
ہوز غلط ہے کلیجا الف سے لکھنا چاہیے **گزارش** اور گزر کو زائے ہوز سے لکھنا اولےٰ ہے
بلکہ بعضوں کے نزدیک ذال سے لکھنا درست ہی نہیں **لاچار** غلط ہے ناچار چاہیئے۔
نکہت گاف سے غلط ہے کاف تازی سے چاہیے **ہرج** بہ معنی معروف بعضوں کے
نزدیک بہائے ہوز و سکون رائے مہملہ غلط ہے **حَرَج** بجائے حطی و فتح رائے مہملہ چاہیے مگر
میرے نزدیک اردو میں جہاں فارسی ترکیب نہو ہرج کچھ مضائقہ نہیں **ہونٹ** کے آخر میں
متقدمین ہائے مخلوط التلفظ بھی لکھا کرتے تھے اور ناسخ وغیرہ یہ لفظ ردیف ہا میں لائے ہیں[1]
مگر فی زمانہ بعضے بغیر ہائے مخلوط لکھتے ہیں **یونہیں** اسکے املا میں اختلاف ہے کہ واو کے
بعد نون چاہیے یا نہیں مگر تحقیق یہ ہے کہ لکھنا چاہیے کیونکہ یہ لفظ مرکب ہے پہلا جزو یوں
ہے اور لہجہ میں بھی نون باقی رہتا ہے پھر نہ لکھنے کی کوئی وجہ نہیں اور بعض حضرات جو یوہیں
لکھتے ہیں یعنی آخر میں نون نہیں لکھتے صحیح نہیں[2]۔ ذوق دہلوی ؎ میں ہجر میں مرنے کے
قرین ہو ہی چکا تھا۔ تم وقت پہ آ پہونچے نہیں ہو ہی چکا تھا۔ جو کچھ کہ ہوا ہے وہ کسطرح نہوتا
حکم ازل ذوق یونہیں ہو ہی چکا تھا۔ داغ دہلوی ؎ زاہد مری تقدیر میں وہ دشمن
دین تھا۔ مجبور ہوں اللہ کو منظور یونہیں تھا۔

---

[1] سخت تعجب ہے کہ جناب جلال نے اپنے لغت میں لکھا ہے کہ اس لفظ کے آخر میں جو بعضے ہائے مخلوط التلفظ
بڑھا کر ہونٹھ بولتے ہیں اور لکھتے ہیں مولف ہیچمدان کے عندیہ میں نادرست ہے میں کہتا ہوں کہ جب ناسخ
وغیرہ نے استعمال کیا تو اور جبکہ اہل زبان ہونٹھ بولتے ہیں تو نادرست کیوں ہونے لگا اور سب سے زیادہ تعجب تو
یہ ہے کہ پیٹ بیائے مجہول کو بمعنی شکم اور پیٹھ بیائے معروف کو بمعنی پشت لکھا ہے حالانکہ پشت کی ہندی پیٹھ
ہائے مخلوط ہے پیٹ بر وزن بیٹ کوئی نہیں بولتا ۱۲ ایضاح

[2] کیونکہ لہجہ میں بھی نون آتا ہے اور اساتذہ نے بھی زمین
وغیرہ کے قافیہ میں استعمال کیا ہے اور آجتک کسی محقق اہل زبان نے بھی کسی قافیہ میں یوہیں استعمال نہیں کیا اور بعضوں کا یہ جو
خیال ہے کہ کلمہ حصر ہی ہے نہ ہیں یہ محض غلط ہے سمجھیں نہیں ہوئے بالاتفاق نون زائد ہے ان دونوں لفظوں کا جزو اول ہم
[illegible] کو کلمہ حصر کہیے یا یہ کہئے کہ ہی جو کلمہ حصر ہے کبھی اوسکے بعد نون زیادہ کرتے ہیں ۱۲ ایضاح

تذکیر و تانیث[1]

کئی رسالے اس بحث میں تالیف ہو چکے ہیں ہم اس جگہ ایسے ضروری الفاظ لکھتے ہیں جنسے اکثر لوگ واقف نہیں **آب** چمک کے معنوں میں جیسے[2] آب گہر آب آہن مونث ہے اور بعضوں نے جو مذکر استعمال کیا ہے وہ جمہور شعرا کے خلاف ہے ہان جہان پانی کی رعایت رکھی گئی ہو وہان مذکر بھی استعمال کرنا درست ہے۔ ناسخ سے زیادہ آب بقا سے بھی آب مین تھا بحر سے جبکہ سمجھے زندگی مرندیۂ شمشیر یار اپنے حق مین آب حیوان آب مین ہوگیا **آغوش** مذکر و مونث دونوں طرح بندھا ہے مگر اکثر فصحاے حال مذکر ہی استعمال کرتے ہیں **بلبل** مشترک ہے مگر اکثر فصحا مونث ہی استعمال کرتے ہین **ترشح** مذکر مونث دونوں طرح بندھا ہے مگر فی زمانہ مذکر ہی مستعمل ہے **تمکین** آتش نے مذکر استعمال کیا ہے ع کوہ سے اے نازنین بھاری ترا تمکین ہوا۔ فصحاے حال مونث استعمال کرتے ہین۔ داغ سے بجا ہے عشق میں ہے صبر میں ہون تمکین ہونگی آنکی ٹھین کہ **خراش** بیشتر مذکر بھی مستعمل ہوتا ہے نسیم سے یہانتک اوج جنون مین مجھے کمال ہوا خراش ناخن دیوانگی ہلال ہوا۔ ولہ خراش زخم سینہ مدتون کا دور کرتا ہون لپٹ جاتا ہون جب سینے سے زلف مشکبو ہو کر۔ تسلیم سے خراش جگر دشمن جان ہوا غم عشق کا دل پر احسان ہوا۔ مگر اکثر فصحاے حال مونث ہی کے قائل ہین **طرز** بیشتر مشترک تھا بلکہ مذکر زیادہ فصیح تھا اب مونث فصیح ہے بلکہ اکثر خواص مونث ہی استعمال کرتے ہین **طوطی** جلال مفید الشعرا مین لکھتے ہین۔

---

[1] یہ وہ بحث ہے کہ ابتدا سے آجتک جسمین اختلاف چلا آتا ہے حال مین مولف ذی طعن اور رد مجنی البطال کے باب مین شعراے لکھنؤ سے استفسار کیا بہت نامی شعرا نے انکو مذکر کہا اور بہت اہل زبان نے مونث فرمایا بات یہ ہے کہ جو لفظ نظم مین بہت کم مستعمل ہوتا ہے اوسمین اختلاف ہو ہی جاتا ہے ۱۲ ایضاح [2] جیسے مفید الشعرا شمشیر (؟) تذکیر و تانیث (؟) و دستور العمل ارمغان احباب مین سے مفید الشعرا جناب جلال کی تالیفات سے ہے جسکا نام پہلے کارآمد شعرا تھا یہ رسالہ باعتبار حجم اگرچہ چھوٹا ہے اور سند کے اشعار بھی بہت کم ہین مگر الفاظ اسمین سب رسالوں سے کہین زیادہ ہین چونکہ اسکا مولف نامی استاد لکھنؤ ہے اور اہل حال لکھی ہے اگرچہ بعض جگہ بمقتضاے بشریت فاحش لغزش بھی ہے مگر پھر بھی اسکو ترجیح ہے کیونکہ وہ ستر رسالوں کی مباحث تیج پر ہے زبان قدیم و جدید و شاذ وغیرہ کی کیفیت اوسنے ظاہر نہین کی رشحات [illegible] مین اسکی کوشش کی گئی ہے مگر وہ بات جو مفید الشعرا مین ہے نہین اور اگر سند کے اعتبار سے دیکھو تو اوسمین ہر ایک رسالہ تک قدر ہے بلکہ [illegible] کو عوض جو سب پر ترجیح ہے ۱۲ ایضاح [3] اور بعضوں کی یہ راے ہے کہ آب گہر کو تو ہر جگہ مونث باندھنا چاہیے اور آب آہن مین اختلاف ہے مگر مونث استعمال کرنا اولیٰ ہے ۱۲ ایضاح

کہ کنایۃً خاص کے مقام پر مذکر ہے جیسے **سے** ہے شیشۂ سبز گرم قلقل طوطی مستونکا بولتا
ہی اور جہان پرندہ معروف مراد ہوتا ہے وہان مؤنث استعمال پاتا ہے۔ بحر **سے** آئینہ ہوتا ہو دنگ
دیکھکے پانی پانی طوطیان ہوتی ہیں شکر تری گفتار پر۔ رشک **سے** طوطی سبزۂ خط صاف
یہی کہتی ہے ہیں وہی آئینہ عارض جانان اب تک۔ مگر بہ تحقیق جمہور شعرا کے خلاف لکھنو
مین بہت ہی کم لوگ مؤنث بولتے ہین اور اشعار مین مذکر ہی باندھا ہی۔ آتش **سے** چلیگا
کبک کیا طوطی کریگا کیا سخن بازی تری رفتار بہتر ہے تری گفتار بہتر ہے۔ وزیر **سے** صاف
بندش ایسی دی ہر بیت آئینہ بنی دیکھتے ہی اوسکو گویا طوطی مضمون ہوا۔ بحر **سے** سحر کی
باتین ہین غنچہ سا دہن گل ہوگیا طوطی روی خط صاف بلبل ہوگیا **وله** آگے آئینہ کے
طوطی بولتے ہین کسطرح بھول جاتے ہین ترا منہ دیکھکر تعریر ہم۔ قلق **سے** گر ہوتا حیرتی رنگین
بیانی کا تری طوطی خط ڈھنگ اوڑ الیتا لب تقریر کا **وله** گویا ہو سکا طوطی خط سبز ہی ابتک
اسی منہ پر ہے دعوے آپکو معجز بیانی کا **قامت** اکثر فصحاے حال مؤنث ہی استعمال کرتے
ہین **لغت** اکثر فصحاے حال مؤنث ہی باندھتے ہین لغت پاسو یا لغت دست **معراج**
ناسخ نے مذکر استعمال کیا ہے ع عزیز و کیا نہیں معراج ممکن عرش اعظم کا۔ مگر اکثر فصحای حال
مؤنث ہی استعمال کرتے ہین **معدن** شیخ صاحب کے اس مصرع سے تذکیر ثابت ہوتی ہے
ع دیکھنا لعل بدخشان کا ہے معدن آب مین۔ لیکن اور مقام سے تانیث پائی جاتی ہی ناسخ ع
اک دن آجائے گر ہیرے کی معدن زیر پا۔ رشک ع [illegible] کے لیے ہیرے کی معدن
چاہیے۔ قلق ع [illegible] ہیرے کی معدن [illegible] اکثر [illegible] مؤنث ہی استعمال کرتے
ہین **نقاب** مشترک ہے لیکن تانیث زیادہ فصیح ہے اکثر [illegible] مؤنث ہی استعمال کرتے ہین
فائدہ کبھی لفظ تذکیر و تانیث مین [illegible] کا تابع ہوجاتا ہی نسیم **سے** [illegible] وحشت مین بھی
[illegible] **سے** [illegible] تمس مجھے
[illegible]
[illegible]

[illegible] کا طوطی [illegible] اوسکا [illegible]
[illegible]
[illegible]

موافق وہ فعل تانیث وغیرہ مین اوس اسم کا تابع ہو جاتا ہے جو مصدر کے ساتھ مرکب ہے اور مصدر کی علامت ہوتا ہے اوسمین کچھ تغیر نہین ہوتا جیسے[1] خط لکھنا تھا چند شعر کہنا پڑے قیمت دینا ہوگی منتین کرنا پڑین۔ قلق مرحوم ؎ بت پرستی ہی مین گر عمر بسر کرنا تھی، نام اسلام کیا آپنے بدنام عبث، اور کبھی مصدر کا لحاظ کر کے فعل کو بھی واحد مذکر استعمال کرتے ہین جیسے ٹھو بات کرنا نہین آتی کی جگہ تمکو بات کرنا نہین آتا۔ مگر دلی والے فعل اور مصدر دونون کو اسم کا جو مصدر کے ساتھ ملا ہے اور حقیقت مین اوسکا مفعول ہے تابع کرتے ہین اور یون بولتے ہین قیمت دینی ہوگی منتین کرنی پڑین شعراے لکھنؤ نے یہان پر دہلی کی تقلید کی ہے اور مفعول کی تانیث و تذکیر کا اعتبار کر کے مصدر کی علامت مین تغیر و تبدل کیا ہے۔ ناسخ ؎ تیرے زخمون کو اگر ٹانکے لگانے ہین تجھے، پہلے لا جراح دو ریار کی تلوار کا۔ بحر ؎ نہ تھی امید دریاے شہادت پیر نکلین گے، خدا کو آبرو رکھنی تھی بیڑا پار ہونا تھا۔ امیر ؎ درماندگی سے جا نسکے کاروان تلک، کھانی تھین ٹھوکرین جو مقدر مین رہ گیے۔ تسلیم ؎ مرے پہلو سے وہ کیونکر نجاتے پاس غیرون کے، کسی جا عید ہونی تھی کہین کہرام ہونا تھا۔

ایطا

بعضون نے لکھا ہے کہ ایطا تکرار قافیہ لفظاً و معنیً کو کہتے ہین۔ اگر کھلی کھلی تکرار نہو تو خفی ہی ورنہ جلی ہے پہلے کی مثال آب وگلاب و دانا بینا اور دوسرے کی مثال آنکھین نظرین جلا سنا وغیرہ دی ہے اوّل کو جائز رکھتے ہین اور دوسرے کو ناجائز لکھتے ہین۔ اب مین کہتا ہون کہ اس تعریف و مثال مین کئی خدشات ہین اوّل یہ کہ تعریف مجہول ہے خفا اور عدم خفا کی تحدید نہو ئی ایک ہی لفظ مین بعضون کے نزدیک ایطاے خفی ہو سکتا ہے اور بعضون کے نزدیک جلی چنانچہ خندان گریان مین کسی نے ایطاے خفی لکھا ہے اور کسی نے ایطاے جلی ٹھہرایا ہے دوسرے یہ کہ دانا بینا مین ایطاے خفی کہتے ہین جلا سنا نے کیا قصور کیا ہے کہ جلی قرار دیتے ہین تیسرے یہ کہ آب وگلاب کو ایطا مین شامل کرنا ہی عبث ہے اسلیے کہ اختلاف

[1] خط لکھنا تھا اس [illegible] مین تھا فعل ہے اور خط لکھنا جو مصدر مرکب ہے اوسکا فاعل ہے اسیطرح چند شعر کہنا پڑے مین پڑے فعل [illegible] چند شعر کہنا مصدر مرکب فاعل ہے اور قیمت دینا ہوگی مین قیمت دینا فاعل ہے اور ہوگی فعل [illegible] کرنا مصدر مرکب فاعل ہے اور پڑین فعل ہے اور ان جملون مین متعدد [illegible] ہو سکتی ہے یعنی یون کہین [illegible] چند شعر [illegible] لکھنا [illegible]

علمیت سے معنے مختلف ہوگیے چوتھے یہ کہ اگر ایطا بین صحیح رکھی جائین تو بہت سے
مستند شعرا کے کلام نادرست ہوجائینگے۔ مومن ؎ پھر دل مین مرے لگی ہے آتش ؛؛
نالے سے برس رہی ہے آتش ولہ اور جو یہ راز نہانی نہ کھلا ؛؛ جلتے جی جی مین یہ ارمان رہا۔
ناسخ ؎ جب وادی وحشت مین گذر میرا ہوا ہے ؛؛ ہر ایک بگولا پے تعظیم اوٹھا ہے۔ آتش ؎
ہستی کو مثل نقش کف پا مٹا چلے ؛؛ عاشق نقاب شاہد مقصود اوٹھا چلے۔ نسیم لکھنوی ؎
آتشکدہ پریون نے بنا کر ؛؛ پھینکا اوسے پھول سا اوٹھا کر۔ سحر ؎ جگناتھ نے آکے کلمہ
پڑھا مسلمان چیک فرنگی ہوا۔ بحر ؎ دو پشادہ گلنار دکھلا گیے ؛؛ نئے سر سے پھر آگ بھڑکا گیے
فلق ؎ چوڑیونکو نہ تم بڑھا رکھنا ؛؛ مہندی ہرگز نہ تم اوٹھا رکھنا۔ امیر ؎ تہنیت رعد نے
چلا کے سنائی کیسی ؛؛ ہان مین ہان کوند کے بجلی نے ملائی کیسی۔ تسلیم ؎ دونون کو ہٹ ہے
دیکھیے کیسی ٹھہرے ؛؛ کون ناکام رہے کسکی تمنا نکلے۔ جلال ؎ پہلو مین کسکو بزم مین اوٹھا
بٹھا لیا ؛؛ کیون لے چلی ہمین جہان سے اوٹھا لیا۔ داغ دہلوی ؎ سبق ایسا پڑھا دیا
تو نے ؛؛ دل سے سب کچھ بھلا دیا تو نے۔ شمشاد لکھنوی ؎ وہ مرا دل دکھا نہین سکتے ؛؛
عرش اعظم ہلا نہین سکتے۔ یہ چند شعر مثال کے لیے انتخاب کیے گیے ورنہ اس قسم کے سیکڑون
شعر اساتذہ کے دیوان مین موجود ہین ان سب پر ایطاے جلی کا عیب لگانا اور قافیہ
نادرست بتانا کیونکر صحیح ہوسکتا ہے قاعدہ جمہور فصحا کے کلام کا تابع ہوتا ہے نہ یہ کہ کلام بھی
قاعدے کا پابند ہوتا ہے۔ اب مین ایطا اور اوسکی دونون قسمون کی جامع و مانع تعریف
کرتا ہون کہ قافیہ کا بعینہ لفظاً و معنیً مکرر لانا ایطا ہے اگر ایسے زوائد قافیے ٹھہراے جائین
جو اپنی اصلی حالت پر نرہے ہون جیسے رنجور مزدور[1] ناماساد[2] یا الف فاعل[3] یا تاے مصدر
یا شین مصدری ہون جیسے دانا بینا شجاعت سخاوت وکاوش وسازش یا انکے حذف
کے بعد اکثر[4] مزید علیہ بے معنی ہوجاتے ہون جیسے ادہر اودہر جدہر کدہر جہان کہان وہان یہان

---

[1] رنجور مزدور مین واو اپنی اصلی حالت پر نہین رہا واو اصل مین متحرک تھا یہان ساکن ہے ۱۲ ایضاح
[2] ناماساد اصل مین نامساعد تھا ہاے ہوز الف سے بدل گئی ہے ۱۲ ایضاح [3] صرف الف
فاعل ہو یا اوسکے بعد نون بھی ہو جیسے خندان گریان ۱۲ ایضاح [4] اکثر کی قید اسلیے ہے کہ
متحرک الاوسط جو حالت جمع مین ساکن الاوسط ہو جاتے ہین وہ بعد حذف علامت جمع کبھی بے معنے ہی ہوجاتے
ہین جیسے منظرین بسکون ثانی مگر اکثر بامعنے رہتے ہین اسیطرح ہین کا بھی مزید علیہ کبھی بے معنے ہوجاتا ہے جیسے
رہ گین بچین ۱۲ ایضاح

اس جس کس ان جن کن - یا حرف علت علامت افعال ہندی متصل بحرف اصلی ہون جیسے سنارہا - سنور ہو - سنے رہے وغیرہ تو ان سب صورتون مین ایطاے خفی ہی ورنہ جلی ہے جیسے ہنرور - سخنور - ستمگر - فسونگر - عقلمند - دردمند - باغہا - غنچہ ہا - محبوبان معشوقان - آنکھین نظرین چلتے بُجھتے وغیرہ - دانا دروا مین ایطا نہین کیونکہ الف زائد تو ہین مگر معنی مختلف ہین ایک جگہ الف فاعل ہے اور دوسری جگہ الف ندبہ ہوا اسیطرح تبان ہڈیان مین بھی ایطا[1] نہین گو دونون جگہ جمع کے الف و نون ہین مگر ایک جگہ جمع فارسی ہین اور دوسری جگہ جمع ہندی ہے - قلق مرحوم سے زائل نہین ہوئی تپ عشق تبان ہنوز !! پھلکتی ہین سوز غم سے مری ہڈیان ہنوز !! اسیطرح ان اشعار مین بھی ایطا نہین - وزیر سے مین سراپا مظہر اسم خدا و الله ہون !! ہمصفیر و اس چمن مین مرغ بسم الله ہون - بحر سے کہ دردیشی طریقہ ہے رسول الله کا !! باندھیے تسمہ کمر مین مدبسم الله کا !! کیونکہ بوجہ اختلاف علمیت معنی مین تکرار نہ رہی - جب انکو ایطا کی دونون قسمون مین اچھی طرح فرق معلوم ہو گیا تو یہ بھی جاننا چاہیے کہ اکثر فصحاے حال رنجور و مزدور دانا بینا خندان گریان شجاعت سخاوت کاوش سازش جن کن ان[2] کے ایسے ایطاے خفی کو استعمال کرتے ہین اور ان حرف علت کو ہندی مین بھی روا رکھتے ہین جنکے بعد حرف وصل و خروج ہون جیسے ملایا[3] سنایا وغیرہ ! ایسی علامت فعل ہی جسکے حذف کرنے سے اوس فعل کا صیغہ امر نہو سکے جیسے دکھا بٹھا نہین سے جب الف حذف کردینگے دکھ بٹھ رہجائینگے سنا مٹا کے ایسے قافیون مین احتیاط رکھتے ہین - باقی رہے ادھر اودھر جدھر کدھر مرا ترا وغیرہ کے ایسے قافیے انکو بھی اکثر استعمال نہین کرتے - اب یہ بھی سمجھ لینا چاہیے کہ اکثر شعرا جن دالون نے لکھا ہے کہ غزل اور قصیدے کے دوسرے اور تیسرے شعر مین وہی اوپر والا قافیہ مکرر لانا درست نہین مگر یہ قاعدہ فارسی مین مسلم رہا اور اردو مین حافظ شیراز کی ہار دست مار دوست والی غزل اور عرفی وغیرہ کے

[1] تبان اور ہڈیان کے ایسے قافیے سے جسمین ایطا ہوا اور دونون قافیون مین کچھ فرق ہوا تھا ۔۔۔
[2] ایضاح سے امیر سے سنگدل تجکو مرے ساتھ یہ کاوش کب تک ۔ میری شورش کے لیے غیر سے سازش کب تک
[3] ایضاح سے جلال لکھنوی سے ہوئے ہین عاشق ہی کن گنون کے کہ خود ہی شاکی ہین جن گنون کے ہمین ہے وعدون مین ان گنون کے وفا کی بو اعتبار کا رنگ - سوا ایضاح سے ملایا اور سنایا مین الف اول اگرچہ علامت ہے اصلی نہین مگر یہان روی قرار دیا گیا ہے اور یے وصل اور الف آخر خروج ۔۔۔ ایضاح

قصیدے دیکھو اوہر گز اس قاعدے کی پابندی نہین کی ہے بہرکیف اردو مین اگر مطلع تکرار علی سے محفوظ ہے تو بقیہ اشعار مین تکرار کچھ مضائقہ نہین ۔ نسیم دہلوی سے مطلع نہین شکوہ جدائی کوکہ ہر پارہ ہوسکے دل کا ؛ کیا صانع نے دو ٹکڑے ازل سے نقطۂ قاتل کا ۔ وزیر سے مشتعل آتش غم سے ہین داغ تن چراغ ؛ چار دیوار عناصر مین ہین یا روشن چراغ ؛ رشک سے مجھے محروم رکھا فیض تقریر دتبسم سے ۔ اسی کا اے لب و دندان جانان شکوہ ہے تمسے ؛ ان مطلعون کے باقی اشعار کے قوافی قابل روشن تم واقع ہوے ہین ۔

فوائد متفرقہ

فائدہ ہاے مختفیہ کے بعد اگر کوئی حرف معنوی ہو تو اوس ہے کو الف سے بدلنا جائز ہے ناسخ سے گھر مرا فرقت مین سونا ہوگیا ؛ گنج مدفون کا نمونا ہوگیا ؛ لیکن یہ تبدیل اوسوقت درست ہے کہ فارسی ترکیب ہو ورنہ درست نہین جیسے نوک خامہ سواد نامہ نوک خاما سواد ناما لکھنا غلط ہے ہان اگر ایسا مرکب ہو کہ اوسکے دونون جزو ملکر بمنزلۂ کلمۂ واحد ہوگیے ہون تو کچھ مضائقہ نہین جیسے میخانا ہمسایا **فائدہ** معطوف علیہ یا معطوف اگر لفظ ہندی ہو تو حرف عطف واو لانا درست نہین رات و دن کہنا غلط ہے رات دن یا رات اور دن کہنا چاہیے **فائدہ** عین کا تقطیع سے گرانا جیسے ع ہم عندلیب ہین گلزار عشق جانان کے ع اب عاجز ہوگیے ہم تجھے اے دل ؛ سخت عیب سمجھا جاتا ہے **فائدہ** بعض حضرات اس قسم کی ترکیبونکو غلط بتاتے ہین سیکڑون تصویر ہزارون تمنا ۔ لاکھ آدمی آیا ۔ انکھون کی پتلی ۔ فرماتے ہین کہ سیکڑون ہزارون جمع ہے ۔ تصویر تمنا واحد ۔ لاکھ معنی جمع ۔ آدمی مفرد ۔ آنکھون جمع پتلی مفرد ۔ یہ کیونکر صحیح ہوسکتا ہے سیکڑون تصویرین ۔ ہزارون تمنائین ۔ لاکھ آدمی آئے ۔ آنکھونکی پتلیان کہنا چاہیے مگر یہ نہین جانتے کہ تصویر وغیرہ اسم جنس ہے اسکا اطلاق واحد او جمع دونون

سلہ حرف معنوی جیسے ہین کے سے دغیرہ ۱۲ الیضاح سلہ اور اگر او سکے بعد حرف معنوی رہتا ہے تو اوس ہے کو [illegible] سے بدل دیتے ہین جیسے پردا ایسے نشانے سے مگر یہ تبدیل اوسوقت ہے کہ فارسی ترکیب ہو ذوق کا جو یہ شعر ہے خلاف قاعدہ ہے سے کوہ سون کیا تنگی [illegible] کوہ کہ نہین جانے سے [illegible] ہو بوجہ اضافت فارسی ز مانے کی ہے کی تبدیل درست نہیں ۱۲ الیضاح سلہ بلکہ عیب کیا [illegible] کبھی جاتی ہے مگر ہر ایک نزدیک یاے معروف کو فارسی کے اسقاط سے اسکا [illegible] معیوب نہین [illegible] ظاہر ہے کہ ایسے گرنے سے فصاحت مین [illegible] نہین [illegible] نے جو کچھ عین [illegible] سے [illegible] متاخرین کے کلام مین بہت ہے [illegible] بہار عجم سے بھی اسکا گرنا جائز نکلتا ہے ۱۲ الیضاح

ہوسکتا ہے۔ چونکہ انمین معنی جمعیت پائی جاتی ہے انکی ترکیب دن الفاظ سے درست ہے
اساتذہ کے کلام اس قسم کی ترکیبون سے مالا مال ہین۔ ناسخ ؎ تھی نہ امید رہائی کی
دل ناسخ کو، لاکھ زنجیر ترے گیسو تعداد رکھتی۔ آتش ؎ مشق ناوک افگنی کرتا تھا جب وہ
شمع رو، سیکڑون ہی تو ددنما کستر پروانہ تھا۔ تسلیم لکھنوی ؎ خال و مژگان کے عشق
سے دل مین ہے، سیکڑون داغ لاکھون روزن تھا۔ جلال لکھنوی ؎ نظر آتے نہین
مجکو وہ دس منزل مین رہتے ہین، مری آنکھون کی پتلی مین نگہ مین تل مین رہتے ہین
مگر اسمین کوئی شک نہین کہ ایسی صورتون مین جمع فصیح ہے **فائدہ** معشوق کو جو رشک
گل وغیرت ماہ وغیرہ سے تعبیر کرتے ہین اور اوس یا وہ وغیرہ نہین لاتے تو کلام بالکل غیر
فصیح ہو جاتا ہے جیسے ع محبت ہوگئی اب رشک گل سے ع جو گھر سے اپنے رشک
ماہ نکلے۔ یون کہنا چاہیے ع محبت ہوگئی اوس رشک گل سے ع جو گھر سے میرا رشک
ماہ نکلے **فائدہ** لفظ ہر کو جمع کے ساتھ اہل زبان استعمال نہیں کرتے جیسے ہر علمانے کہا
ہر عالم کہتے ہین۔ بلکہ یون کہنا چاہیے ہر عالم نے کہا ہر عالم کہتا ہے اسمین اکثر باہر والے
لغزش کھا جاتے ہین **فائدہ** لانا جو مصدر متعدی ہے اسکے مشتقات کے استعمال مین باہر
والے جو اہل زبان یا کامل زباندان نہین اکثر فاحش غلطی کر جاتے ہین اور یون بولتے
مین نے یہ رسالہ لایا تمنے یہ کتابین لائین حالانکہ یون چاہیے مین یہ رسالہ لایا تم یہ
کتابین لائے۔ اس متعدی کا استعمال فعل لازم کی طرح ہے نہ تو فاعل کے ساتھ لفظ نے
لانا چاہیے اور نہ فعل کو تانیث وتذکیر وحدت وجمع مین مفعول کا تابع کرنا چاہیے یہان فعل
فاعل کا تابع ہوتا ہے مرد کہیگا مین کتاب لایا عورت کہیگی مین کتاب لائی اس متعدی کا
حال اور افعال متعدیہ کی طرح نہین ہے **فائدہ** معروف ومجہول کا قافیہ کلام اساتذہ
